★★پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | یکم ذیقعدہ 1446ھ، 5 مئی 2025ء، 22 بیساکھ 2082ء | 12 صفحات 8 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 178

پاکستان پہلگام واقعے کی تحقیقات میں ملائیشیا کی شرکت کا خیر مقدم کریگا: وزیراعظم

شہباز شریف اور ملائیشیا کے وزیراعظم داتو سری انور ابراہیم کے درمیان ٹیلی فونک رابطہ، وزیراعظم نے بھارت کے اشتعال انگیز رویے کے نتیجے میں جنوبی ایشیا میں موجودہ کشیدگی پر پاکستان کی شدید تشویش کا اظہار کیا

بغیر کسی ثبوت کے اس واقعے سے پاکستان کو جوڑنے کی کسی بھی کوشش کو واضح طور پر مسترد کرتے ہیں، اس واقعے کے پس پردہ حقائق کا پتہ لگانے کے لیے بین الاقوامی، شفاف، معتبر اور غیر جانبدارانہ تحقیقات ناگزیر ہیں: شہباز شریف



اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا پاکستان پہلگام واقعے کی تحقیقات میں ملائیشیا کی شرکت کا خیر مقدم کرے گا۔ وزیراعظم نے پہلگام واقعے کے بعد سے بھارت کے اشتعال انگیز رویے کے نتیجے میں جنوبی ایشیا میں موجودہ کشیدگی پر پاکستان کی شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے بغیر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

شہباز شریف اور ملائیشیا کے وزیراعظم داتو سری انور ابراہیم کے درمیان ٹیلی فونک رابطہ ہوا جس کے دوران

لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سکول ایجوکیشن پر اجلاس سے متعلق بریفنگ دی رہی ہیں

پنجاب کے سکولوں میں سیکیورٹی کے نصب کیلئے اقدامات شروع کر دیئے گئے

اگلے مالی سال میں 250 سکولوں کی اپ گریڈیشن ہوگی اور پنجاب کی 10 تحصیلوں میں 300 سیف ایڈمز بنیں گے

لاہور (پ ر) صوبہ پنجاب کے سکولوں میں سیکیورٹی کے نصب کیلئے اقدامات شروع کر دیئے گئے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز کہتی ہیں کہ بچوں کی تعلیم کے لیے بہت سا کام کرنا چاہتی ہوں، اسی کو مدنظر رکھتے ہوئے سکولوں میں سیکیورٹی کے نصب کیلئے جارہے ہیں۔ تفصیلات کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

سکولوں میں سیکیورٹی کے نصب کیلئے اقدامات کے سلسلہ میں اجلاس سے خطاب

پاکستان کے پاس دفاع کیلئے ایک مرد مومن بھی ہے جس کا نام سید عاصم منیر ہے، رانا ثناء

مودی پاکستان پر ایسا وار کرنا چاہتا ہے کہ ہماری آزادی خطرے میں پڑ جائے، ابدالی میزائل کا کامیاب تجربہ ہوا ہے، مودی سن لو ابدالی میزائل ایٹمی میزائل لے کر جاسکتا ہے

وزیراعظم پاکستان نے کہا ہے ہم ہر طرح تیار ہیں جیسے مرضی تحقیقات کروائیں، پہلگام حملے میں 26 لوگ جاں بحق ہوئے ہم اس کی ہم مذمت کرتے ہیں: مشیر وزیراعظم

لاہور (این این آئی) وزیراعظم نے مثیر برائے سیاسی امور رانا ثناءاللہ نے کہا ہے کہ پاکستان کے پاس دفاع کے لئے ایک مرد مومن بھی ہے جس کا نام سید عاصم منیر ہے، مودی یاد رکھے پاکستان پر ایسا وار کرنا چاہتا ہے کہ

ماموں سکینڈ ٹینیویا میں سیمی کی تقریب مظلوم کشمیریوں کے ساتھ اور پاک فوج کیساتھ اظہار یکجہتی

اوورسیز پاکستانیوں کے مسائل کو حل کرنا مسلم لیگ ن کی ہمیشہ ترجیح رہی ہے، پنجاب اوورسیز پاکستانیز کمیشن کے دروازے سب کے لئے بلا تفریق کھلے ہیں

تارکین وطن کے مسائل کے حل کیلئے کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے، پیر سٹرامجد ملک وائس چیئرپرسن اوورسیز کمیشن پنجاب کا اسکینڈ نیویا کے ممالک کی کمیونٹیز کی بڑی تقریب سے خطاب

سٹاک ہوم (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر اسکینڈ نیویا میں مقیم کشمیریوں کے ساتھ اور پاک فوج کیساتھ اظہار یکجہتی کیلئے سٹاک ہوم میں ایک بار پھر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ وہ ملک کے ایک ایک تارکین وطن کے مسائل کے حل اور اگلی فلاح و بہبود کیلئے کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے۔ وائس چیئرپرسن اوورسیز پاکستانیز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

بھارتی جارحیت پاکستان کو طاقت ستعمال کا آل عندیہ

پہلگام فالس فلیگ کے بعد بھارت نے پاکستان پر الزام لگا کر اپنی ساکھ کو بین الاقوامی سطح پر مزید کمزور کر دیا ہے، پاکستان اپنے دفاع میں جوہری اور روایتی دونوں طاقت استعمال کرے گا، پاکستانی سفیر محمد خالد جمالی

بھارت اس سے قبل بھی متعدد فالس فلیگ آپریشنز کر کے الزام پاکستان کے سر تھوپ چکا ہے، پانی کے مسئلے پر کسی بھی جارحیت کا جواب جنگ سے ہوگا، بھارت کی جانب سے حملے کی صورت میں پاکستان دفاع میں کسی بھی حد تک جائے گا



اسلام آباد وزیراعظم شہباز شریف سے ترکیہ کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

انتھونی البانیز دوسری مدت کے لیے آسٹریلوی وزیراعظم منتخب

وزیراعظم انتھونی کے ساتھ مل کر تعلقات مزید مستحکم بنانے کے خواہش مند ہیں، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے آسٹریلیا کے وزیراعظم انتھونی البانیز کو دوبارہ منتخب ہونے پر مبارکباد دی ہے۔ اپنے ٹوئٹ میں انہوں نے کہا کہ وہ دونوں کے اشتراک کو عزم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

خدمت کا یہ سلسلہ جاری رہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ وہ وزیراعظم انتھونی کے ساتھ مل کر دونوں ملکوں کے تعلقات کو مزید مستحکم بنانے اور امن، ترقی اور خوشحالی تعاون کے لئے کام کرنے کے خواہاں ہیں

50 ہزار چینی سرمایہ کار گلگت بلتستان میں سرمایہ کاری کرنے کے خواہاں

چین کی سرمایہ کاری سے گلگت بلتستان میں ترقی کے نئے دور کا آغاز ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) نذر حسین گاکر خان ایڈیٹر انڈسٹری کے صدر راجہ میر نواز میر نے کہا ہے کہ چین کی سرمایہ کاری سے گلگت بلتستان میں ترقی کے نئے دور کا آغاز ہوگا، چائنہ گلگان بارڈر ٹریڈ زون میں 50,000 چینی سرمایہ کاروں کی فہرست ہے، گلگت بلتستان میں سرمایہ کاری کرنے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

پاکستان علاقائی امن و سلامتی کے لئے عزم ہے، وزیر خارجہ

پاکستان اپنی خودمختاری و قومی مفادات کے تحفظ کا حق محفوظ رکھتا ہے، اسحٰق ڈار کا ملائیشین وزیر خارجہ سے رابطہ، بھارتی پروپیگنڈے سے آگاہ کیا

سندھ طاس معاہدے کی یکطرفہ معطلی کے فیصلے کو مسترد کرتے ہیں، بھارت کے اقدامات عالمی قانونی ذمے داریوں کی کھلی خلاف ورزی ہیں، اسحاق ڈار

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے ملائیشیا کے وزیر خارجہ محمد حسن سے ٹیلی فونک رابطہ کیا ہے۔ وزارت خارجہ کے ترجمان نے بتایا ہے کہ اسحاق ڈار نے بھارت کے اشتعال انگیز پروپیگنڈے اور سندھ طاس معاہدے کی یکطرفہ معطلی کے فیصلے کو مسترد کیا۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ اشتعال انگیز اقدامات سے آگاہ کیا، وزارت خارجہ کے ترجمان نے بتایا کہ اسحاق ڈار نے بھارت کے اقدامات عالمی قانونی ذمے داریوں کی کھلی خلاف ورزی ہیں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)



لاہور وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک اور دفود والا میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں





حکمران اے پی سی میں تمام سیاسی قیادت کو بلائیں، شبلی فراز

تمام جماعتوں کی کانفرنس ہو جہاں پارٹی سربراہوں کو معاملے پر بریف کیا جائے، رہنما پی ٹی آئی کی نجی ٹی وی سے گفتگو

اتنے بڑے المیوں کو اتنے جونیئر لیول پہ لانا اس کی اہمیت کو کم کرتا ہے، یہ عطا تارڑ کے لیول کی بات نہیں

فراز نے بھارت کے معاملے پر سیاسی جماعتوں کو بریفنگ پر اسلام آباد میں فی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم اور عسکری قیادت اے پی سی میں تمام سیاسی قیادت کو بلائیں۔ سینیٹر شبلی فراز نے کہا کہ تمام جماعتوں کی کانفرنس ہو جہاں پارٹی سربراہوں کو معاملے پر بریف کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اہمیت کم کرتا ہے۔ شبلی فراز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی کے رہنما اور سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ وزیراعظم اور عسکری قیادت اے پی سی میں تمام سیاسی جماعتوں کو بلائیں۔ سینیٹر شبلی

ماؤں کا عالمی دن "ورلڈ مدرز ڈے"

11 مئی کو بھرپور انداز سے منایا جائے گا

خواتین (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں ماؤں کا عالمی دن "ورلڈ مدرز ڈے" (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

بانی پی ٹی آئی نے معدنیات بل سے متعلق اہم احکامات دیئے، جنید اکبر

بانی پی ٹی آئی نے مجوزہ معدنیات قانون پر ووٹنگ نہ کرنے کی ہدایت کی ہے، میڈیا سے بات چیت

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف خیبر پختونخوا کے صدر جنید اکبر کا کہنا ہے کہ بانی پی ٹی آئی نے معدنیات بل سے متعلق اہم احکامات دیے ہیں۔ پشاور میں میڈیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)



جعلی ڈگریوں کا آڈٹ ہونے کا انکشاف

لاہور (این این آئی) تحریک انصاف کے دور میں جنوبی پنجاب کو مختلف کیے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

تحصیل فیروز والا میں دہائیوں بعد صفائی ستھرائی

کا بہترین نظام دیکھنے میں آیا ہے، پیر شاہ اللہ

لاہور (این این آئی) تحریک ختم نبوت فیروز والا کے کنوینر و سماجی شخصیت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

جلالپور پیروالہ: وفاقی وزیر میاں ریاض حسین پیرزادہ سید انور علیشاہ وقدم ہاری کی تقریر پر قہقہہ خوانی کر رہے ہیں

دو ایٹمی ممالک کے درمیان جنگ کا تصور بھی نہیں کیا جاسکتا، امریکا

امریکا کو ہم خیال آزاد ممالک کے ساتھ مل کر کردار ادا کرنا چاہیے تاکہ ناکامیوں سے بچا جائے، ارکان کانگریس

ایک بار جنگ شروع ہو جائے تو اسے کنٹرول نہیں کیا جاسکتا، امریکا کو ہم خیال آزاد ممالک کے ساتھ مل کر کردار ادا کرنا چاہیے

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے رکن کانگریس ڈیوکریگ رکن کانگریس لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ چیک برگمین نے کہا کہ امریکا کو ہم خیال آزاد ممالک کے ساتھ مل کر کردار ادا کرنا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)

بھی نہیں کیا جاسکتا۔ پاکستانی امریکن تنویر احمد سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایک بار جنگ شروع ہو جائے تو اسے کنٹرول نہیں کیا جاسکتا۔ اس موقع پر طاقتوں پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ کا تصور



فیصل آباد: تاندلیانوالہ: سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان این اے 97 کے دورہ کے دوران حلقے کے لوگوں سے ملاقات کر رہے ہیں

بھارت کی جانب سے بھی خطرہ کم نہیں ہوا، وزیر دفاع

پاکستان نے پہلگام واقعے پر تحقیقات کی پیشکش کی، پاکستان اگر پیش کش نہ کرتا تو دنیا سے جارحانہ بیانات آسکتے تھے، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف کا کہنا ہے کہ بھارت کی جانب سے ابھی خطرہ نہیں ہوا، دنیا کے اہم ممالک کی کوشش ہے کہ پاک بھارت تناؤ نہ بڑھے۔ ایک انٹرویو میں خواجہ آصف نے کہا کہ بھارت کو پہلے کہا ہے کہ اگر کچھ کرے گا تو منہ توڑ جواب ملے گا، پاکستان نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)



شیخوپورہ: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان ڈپٹی کمشنر بابا دلی گجر کے دورے کے دوران ٹریکٹر چلا رہے ہیں

پاکستان کا پانی روکنے کی اسے بھاری قیمت چکانا پڑے گی، مخدوم جاوید ہاشمی

پوری قوم متحد ہو چکی ہے، بھارت نے کسی قوم کی جارحیت کی تو اسے منہ توڑ جواب ملے گا

جاوید ہاشمی نے کہا ہے کہ پوری قوم متحد ہو چکی ہے، جہانیاں میرا دوسرا گھر ہے اس سے بھارت نے کسی قوم کی جارحیت کی تو اسے منہ توڑ جواب ملے گا، پاکستان کا پانی روکنے کی اسے بھاری قیمت چکانا پڑے گی، جہانیاں میرا دوسرا گھر ہے اس کے تحفظ کی خاطر میں اپنی جان بھی قربان کر دوں گا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

پاکستان کے پاس بہت پانی ہے، ہمیں استعمال بہتر بنانا ہوگا، ہارون اختر

نخواہ دار اور کاروباری طبقے کو لمبی چھوٹ کی کوشش ہے، صنعت چلے گی تو ٹیکسز میں بھی اضافہ ہوگا

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی ہارون اختر خان کا کہنا ہے کہ پاکستان کے پاس بہت پانی ہے بس ہمیں اس کا استعمال بہتر بنانا ہوگا۔ لاہور میں تاجروں اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

پاکستان کی خود مختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں: سپیکر پنجاب اسمبلی

بھارت نے آبی ترامیم کے ذریعے کشمیریوں پر ظلم وستم کے پہاڑ ڈھائے ہیں

بھارتی جارحیت کا ہر محاذ پر منہ توڑ جواب دیں گے، ملک محمد احمد خان کا سیمینار سے خطاب

لاہور (خبر نگار) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے مقامی ہوٹل میں "پاک بھارت مسائل، پاک فوج کا کردار، کشمیر و دہشت گردی، پانی اور دیگر مسائل: حل کیا؟" اور یو ایس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)



لاہور: سی پی او ابوبلال صدیق کمیانہ اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بھارت ہمارے ساتھ ملکر تعلیم اور امن پر کام کرے، وزیر تعلیم پنجاب

بھارت کو پیغام دیا ہے کہ اب کی بار جائے نہیں صرف سبق لے گا ورنہ ایسا کہ یاد رہے گا، رانا سکندر حیات

لاہور (این این آئی) وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات نے بھارت ہمارے ساتھ مل کر تعلیم اور امن پر کام کرے۔ ایک بیان میں وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات نے کہا ہے کہ بھارت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

گورنر کے پی سے آل جناح فیڈریشن آف کامرس کے وفد کی ملاقات

ملاقات خوشگوار ماحول میں ہوئی، سرمایہ کاری کے امکانات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی



اسلام آباد (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے آل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)

سمیڈا بورڈ کے اجلاس میں ادارے کے ری ویمپنگ پلان کی منظوری

لاہور (این این آئی) سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا 30 ویں اجلاس وزیر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

حلیم عادل شیخ کی قیادت میں پی ٹی آئی کا 'سلام سندھ، ٹرین مارچ کراچی سے روانہ

سلام سندھ ٹرین مارچ کا صوبے کے 30 شہروں کے ریلوے اسٹیشن پر استقبال کیا جائے گا

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنماؤں کے علیم عادل شیخ کی قیادت میں پی ٹی آئی کا 'سلام سندھ' ٹرین مارچ کراچی سے روانہ ہوگیا۔ ترجمان تحریک انصاف سندھ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

صوبائی وزیر فیصل کھوکھر کی نیدرلینڈز کے سفیر سے ملاقات

باہمی امور بالخصوص کھیلوں کے فروغ بارے تعاون پر تبادلہ خیال

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر برائے کھیل نیدرلینڈز کے سفیر سے سفیر ہیتی ڈی فریز سے لاہور میں ملاقات کی۔ گفتگو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

امریکا، وڈ پیکر کی فائرنگ، دو جنوں گاڑیوں کے شیشے توڑ ڈالے

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کی ریاست میساچوسٹس کے علاقے راک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

حج ضوابط کی پابندی نہ کرنے والے پبلک ٹرانسپورٹرز کو ایک لاکھ تک جرمانہ

مکہ مکرمہ (این این آئی) سعودی ٹرانسپورٹ جنرل اتھارٹی نے مملکت میں کام کرنے والے پبلک ٹرانسپورٹرز کو ہدایت کی ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

سعودی عرب کل سے شروع ہونیوالی 3 روزہ انٹیگریٹڈ فنانس میں شرکت کریگا

ریاض (این این آئی) سعودی عرب 3 روزہ انٹیگریٹڈ فنانس میں شرکت کرے گا۔ عرب ٹی وی کے مطابق ظہران ایڈمنسٹریٹو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

امریکا نے سعودی عرب کے لیے جدید میزائلوں سمیت اہم ہتھیاروں کی فروخت کی منظوری دے دی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی محکمہ دفاع پینٹاگان نے تصدیق کی ہے کہ امریکی وزارت خارجہ نے سعودی عرب کے لیے جدید میزائلوں سمیت اہم ہتھیاروں کی فروخت کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

پہلگام فالس فلیگ آپریشن پر مفصل ڈوکومینٹری جاری

پہلگام فالس فلیگ کے اصل محرکات، بھارتی کس طرح جھوٹا بیانیہ بنایا گیا، کو اجاگر کیا گیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) پہلگام فالس فلیگ محرکات، زمینی حقائق اور بھارت کی طرف سے کس طرح جھوٹا بیانیہ بنایا گیا، کو اجاگر کیا گیا ہے۔ رپورٹ پر مفصل ڈاکومینٹری جاری کر دی گئی جس میں ڈاکومینٹری میں پہلگام فالس فلیگ کے اصل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)



سٹاک ہوم: پیر سٹر امجد ملک وائس چیئرپرسن اوورسیز کمیشن پنجاب کا اسکینڈ نیویا کے ممالک کے لگی امجد یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

روزنامہ "قوت" لاہور 5(2) مئی 2025

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز



لاہور کالج فار وومین یونیورسٹی کے 20ویں کانووکیشن کے موقع پر چانسلر گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عظمیٰ قریشی طالبات میں ڈاکٹریٹ کی ڈگریز تقسیم کررہے ہیں

لاہور کالج فار وومین یونیورسٹی کا 20 کانووکیشن اختتام پذیر ہوگیا

وائس چانسلر ڈاکٹر عظمیٰ قریشی نے صدارت کی اور چانسلر کے تفویض کردہ اختیارات کے تحت ڈگریاں ایوارڈ کیں

کانووکیشن میں مختلف مضامین میں کل 5010 ڈگریاں ایوارڈ کی گئیں، 748 طالبات کو میڈلز اور رول آف آنرز ملے ہیں

ایم فل/ایم فل کی 783 جبکہ انڈر گریجویٹ پروگرامز (بی ایس، بی ایس بی اے، بی کام، بی ای، بی آرکیٹیکچر، بی ایس سی آنرز، بی ایف اے، فارم ڈی) کی 2487 ڈگریاں عطا کی گئی

لاہور (خبر نگار) لاہور کالج فار وومین یونیورسٹی کا 20 کا نووکیشن اختتام پزیر ہوگیا۔ اتوار کو دوسرے اور آخری روز وائس چانسلر ڈاکٹر عظمیٰ قریشی نے صدارت کی اور چانسلر کے تفویض کردہ اختیارات کے تحت ڈگریاں ایوارڈ کیں۔ سوشیالوجی ڈیپارٹمنٹ کی سابق چیئرپرسن پروفیسر ڈاکٹر عظمیٰ قریشی نے کانووکیشن میں مختلف مضامین میں کل 5010 ڈگریاں ایوارڈ کیں۔ ایم ایس/ایم فل کی 783 جبکہ انڈر گریجویٹ پروگرامز (بی ایس، بی ایس بی اے، بی کام، بی ای، بی آرکیٹیکچر، بی ایس سی آنرز، بی ایف اے، فارم ڈی) کی 2487 ڈگریاں عطا کی گئیں۔ 748 طالبات کو میڈلز اور رول آف آنرز ملے ہیں۔ قائم علی شاہ نے سٹوڈنٹس کی شاندار کارکردگی کو سراہا اور کہا کہ ان کی فاؤنڈیشن مقابلے کے امتحان کیلئے لاہور کالج فار وومین یونیورسٹی کی دو سو طالبات کو مفت تربیت فراہم کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ قائم علی شاہ فاؤنڈیشن ذہین مگر مستحق سٹوڈنٹس کو کئی کالجوں اور یونیورسٹیوں میں سکالرشپس دے رہی ہے۔ لاہور کالج فار وومین یونیورسٹی کی وائس چانسلر نے انتظامیہ مبارک باد پیش کی جنہوں نے محنت سے آج تک اپنی طالبات کو دگری ہولڈر بنایا اور طالبات کی ایمپاورمنٹ کا خیال رکھا ہے۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عظمیٰ قریشی نے لاہور کالج فار وومین یونیورسٹی کی سالانہ کارکردگی رپورٹ پیش کی اور کہا کہ یونیورسٹی نے اپنے نصاب جدید تقاضوں کے مطابق ڈھالا ہے اور معاشرے کا مفید اور کامیاب شہری بننے کی بنیاد رکھی۔ وائس چانسلر نے کہا کہ تعلیم و تحقیق کے علاوہ ہم نصابی سرگرمیوں اور سپورٹس میں لاہور کالج فار وومین یونیورسٹی کی کامیابیوں کی فہرست طویل بھی ہے اور قابل فخر بھی۔



نماز کے اوقات



صبح صادق	4:00
فجر	4:30
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:30

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل ظہرین
1:30 بجکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریسکیو ایکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال
111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور
99203407-25
میو ہسپتال لاہور
9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور
99284092-8
پی آئی سی لاہور
111-786-786

سوڈان میں نیم فوجی دستوں کے حملوں میں کم از کم 300 افراد ہلاک ہوگئے، حکومت

خرطوم (شہباء) جنوب مغربی سوڈان کی مغربی ریاست کردفان کے شہر الہمود پر نیم فوجی دستوں ریپڈ سپورٹ فورسز (آر ایس ایف) کے حملوں میں کم از کم 300 افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔ سوڈان کی وزارت خارجہ کے ایک بیان میں کہا گیا کہ یہ حملے گزشتہ 2 دنوں کے دوران ہوئے اور آر ایس ایف پر نسلی بنیادوں پر ہلاکتیں کرنے انسانیت کے خلاف جرائم کا ارتکاب کرنے کا الزام لگایا گیا ہے۔ وزارت نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل اور دیگر بین الاقوامی فریقوں سے یہ مطالبہ بھی دہرایا کہ وہ آر ایس ایف کے اقدامات کے حوالے سے اختیاری کی کوئی کوشش کریں۔ ایک آزاد انسانی ہمدردی کے گروپ سوڈانی ڈاکٹرز سنڈیکیٹ کی ابتدائی تحقیق نے بھی 15 خواتین اور 21 بچوں سمیت 300 سے زائد افراد کی ہلاکت کی تصدیق کی ہے۔ آر ایس ایف نے ابھی تک ان الزامات پر کوئی تبصرہ نہیں کیا ہے۔

آٹو شنگھائی 2025 میں تخلیقی جدت پر مبنی مستقبل کی نقل و حمل کی جھلک نمایاں

شنگھائی (شہباء) 21 ویں شنگھائی بین الاقوامی آٹو موٹو صنعت نمائش (آٹو شنگھائی 2025) ایک مرتبہ پھر عالمی سطح پر نئی گاڑیوں کی رونمائی کا عالمی مرکز ثابت ہوئی ہے۔ نمائش میں 26 ممالک اور خطوں سے تقریباً 1 ہزار معروف عالمی اور غیر ملکی ادارے شریک ہوئے۔ 23 اپریل سے 2 مئی تک جاری رہنے والی آٹو شنگھائی 2025 کا مجموعی رقبہ 3 لاکھ 60 ہزار مربع میٹر تھا، یہاں 1 ہزار 366 گاڑیاں نمائش کے لئے پیش کی گئیں جن میں 70 فیصد زائد نئی توانائی گاڑیاں تھیں۔ ان میں سے 163 گاڑیوں کی عالمی رونمائی ہوئی۔ نمائش کا 10 لاکھ سے زائد افراد نے دورہ کیا جن میں بیس کے علاوہ 90 سے زیادہ ممالک اور خطوں سے 63 ہزار افراد بھی شامل تھے، اس سے واضح ہوتا ہے کہ یہ عالمی گاڑی مارکیٹ کے رجحانات کے جائزے کا اہم پلیٹ فارم ہے۔ غیر سرکاری اعداد و شمار کے مطابق رواں سال آٹو شنگھائی 2025 میں معروف غیر ملکی برانڈز نے پہلی مرتبہ دنیا بھر کے مارکیٹ کے لئے 10 سے زائد نئی توانائی گاڑیاں متعارف کرائیں۔ ان میں مرسڈیز بینز کی آل۔ الیکٹرک سی ایل ایس سیلون کا لانگ ڈیبل ورژن اور الیکٹرک ورژن اور ہی ایس سیڈان کے ہائبرڈ اور الیکٹرک ورژن اور ووکس ویگن آئی ڈی۔ آر ایس ایف نے ابھی تک ان الزامات پر کوئی تبصرہ نہیں کیا ہے۔

ہرنس پورہ پولیس نے 9 سال پہلے کے ساتھ زیادتی کی کوشش کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ہرنس پورہ پولیس نے 9 سال پہلے کے ساتھ زیادتی کی کوشش کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ ایس پی کینٹ سیشن ڈویژن ☓ قاضی علی رضا کے مطابق بلی طرح پر چوری کرنے کے لیے دکان پر گئی تھی، ملزم عمر نے دکان کے اندر بلی کو دیکھا تو بھاگنے لگا، بلی کا زیادتی کی کوشش کی۔ متاثرہ بچی کی والدہ کی مدعیت میں ماموں ملزم عمر کے خلاف مقدمہ درج کرایا گیا۔

لاہور پولیس کے تحفظ مراکز کمزور طبقات کے لیے امید کی کرن بن گئے

کمزوروں کا تحفظ اور انہیں معاشرے میں باعزت مقام دلانا ہمارا بنیادی مقصد ہے، ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب کی وژن 🔘 "کمزور کا تحفظ، مظلوم کا ساتھ" کے تحت لاہور پولیس کے تمام کمزور تحفظ مراکز طبقات کے لیے روشنی کی کرن بنے ہوئے ہیں۔ خواتین، بچوں، معذور افراد اور ٹرانس جینڈر کمیونٹی اور گداگری سمیت معاشرے کے پسے ہوئے طبقات کے مسائل کے موثر حل کے لیے ان مراکز نے مثالی کردار ادا کیا ہے۔ ڈی آئی جی آپریشنز لاہور فیصل کامران کے مطابق گزشتہ ایک سال کے دوران تحفظ مراکز میں مختلف نوعیت کی 452,43 شکایات کا ازالہ کیا گیا۔ پولیس کی بروقت کارروائیوں کے باعث 751,6 زیادتی کا شکار بچوں کو ان کے والدین سے ملایا گیا جب کہ 912,6 گمشدہ گھریلو بچے بھاگے ہوئے بچوں کو محفوظ ٹھکانہ فراہم کی گئی۔ ڈی آئی جی آپریشنز کے مطابق دوران انکوائری 043,1 افراد کے سائل ترجمانی بنیادوں پر حل کیے گئے جبکہ 104,7 بزرگ شہریوں اور دیگر پسماندہ طبقات کو بھی انصاف فراہم کیا گیا۔ پبلک سروسائی کے ذریعے 03 فعال، ایس ایچ او ہرنس پورہ ملزمان سے 03 ہونڈا موٹر سائیکل برآمد کرکے ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ ملزمان کے قبضہ سے 03

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3)5 مئی 2025ء

سلام پیغام انسانیت سے محبت ہے مولانا طارق جمیل

تقریب کے اختتام پر این این آئی کے صدر ڈاکٹر محمد نوید اقبال نے حضرت مولانا طارق جمیل کا شکریہ ادا کیا



فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) این این آئی ویلفیئر فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام الھادی سوئیٹ ہوم کی نئی بلڈنگ (اقبال بلاک) کا سنگ بنیاد رکھا گیا عالم اسلام کے مشہور مبلغ دین مولانا طارق جمیل نے سنگ بنیاد اپنے دست مبارک سے رکھا۔ الھدی سکول اینڈ کالج میں سنگ بنیاد کی تقریب منعقد دار ہوئی۔ تقریب کا آغاز حافظ محمد شہیر ضیاء کی تلاوت سے ہوا۔ اسکے بعد سیکرٹری جنرل محمد اسلم انصاری نے تنظیم کے اغراض و مقاصد بیان کئے انہوں نے کہا کہ الھدی سوئیٹ ہوم ایک پناہ گاہ ہے جو لاوارث، بے سہارا اور یتیم بچوں کی رہائش، خوراک تعلیم اور میڈیکل کی سہولیات بالکل مفت فراہم کرتی ہے۔ انہوں نے تنظیم کے صدر ڈاکٹر محمد نوید اقبال کو اپنی ساری جائیداد یتیم بچوں کے لیے وقف کرنے پر زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔ مولانا طارق جمیل نے اپنے بیان میں یتیم بچوں کی کفالت کو وقت کی اہم ضرورت قرار دیا انہوں نے کہا کہ اسلام کا پیغام انسانیت سے محبت ہے۔ مولانا طارق جمیل نے تنظیم کے لیے اہم خدمات سرانجام دینے والوں میں سر اقبال پر فارمنس سرٹیفکیٹ تقسیم کیے۔ تقریب کے اختتام پر این این آئی کے صدر ڈاکٹر محمد نوید اقبال نے حضرت مولانا طارق جمیل کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے الھدی سوئیٹ ہوم کی مزید ترقی اور خدمت کے عزم کا اظہار کیا۔

بھارت نے پاکستان پر حملے کی کوشش کی تو اس کا بھرپور جواب دیا جائے گا

ہمارا ملک اس وقت ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن ہے: وفاقی وزیر سرمایہ کاری قیصر احمد



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری قیصر احمد شیخ نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت نے پاکستان پر حملے کی کوشش کی تو اس کا بھرپور جواب دیا جائے گا ہماری افواج اور ادارے الرٹ ہیں پوری قوم اپنی بہادر افواج پاکستان کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے بھارت بوکھلاہٹ کا شکار ہو چکا ہے ہمارا ملک اس وقت ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن ہے انہوں نے کہا کہ ملکی معیشت میں بہتری آرہی ہے مہنگائی کی شرح کم ہو رہی ہے وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کی قیادت میں ملک میں خوشحالی لائیں گے انہوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا ہے کہ سندھ طاس معاہدے سے بھارت کی انکاری سمجھ سے بالا تر ہے۔ بھارت کو ہوش کے ناخن لینے چاہئیں پاکستان ایک ایٹمی طاقت ملک ہے جو اپنا دفاع بھرپور طریقے سے کرے گا افواج پاکستان کی حمایت میں مورخہ 5 مئی بروز سوموار بوقت صبح ساڑھے دس بجے دین ریلی نکالی جائے گی جس میں شہر بھر کی تمام تنظیمات شریک ہوں گی موجودہ حالات میں ہم سب کو افواج پاکستان کا ساتھ دینا چاہیے تمام سیاسی جماعتیں متحد ہو جائیں پاکستان کی بقاء اور سلامتی کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے

ضلع بھر میں ای پولیس پوسٹ ایپ کے ذریعے مشکوک افراد اور گاڑیوں کی چیکنگ کا عمل جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن محفوظ پنجاب کے تحت ضلع بھر میں عملی اقدامات جاری ہیں۔ ضلع بھر میں ای پولیس پوسٹ ایپ کے ذریعے مشکوک افراد اور گاڑیوں کی چیکنگ کا عمل جاری ہے۔ پولیس نے گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران ای پولیس پوسٹ ایپ کے ذریعے 1485 افراد کو چیک کیا۔ گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں پولیس نے ای پولیس پوسٹ ایپ کے ذریعے 1204 وہیکلز کو چیک کیا گیا۔

صحافی استعماری جبر واستدلال میں کلمہ حق کہتے ہیں: ارسل جلیل بٹ

حکومت صحافیوں کی انشورنس کرانے کیساتھ مراعات فراہم کرے۔ میڈیا کو آرڈیننس میڈیکل کالج

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) استعماری قوتوں کے جاہ وجلال و دھمکیوں ومتشدد رویوں کے باوجود حق سچ کیلئے جدوجہد کرنے والے عظیم منزلوں کے راہی صحافیوں کی عظمت کو سلام پیش کرتا ہوں۔ اپنے میڈیا بیان میں سپرنٹنڈنٹ خواجہ محمد صفدر میڈیکل کالج سیالکوٹ ارسل جلیل بٹ کو آرڈیننس میڈیا سیل نے کہا کہ صحافیوں کے جائز حقوق اور انکے تحفظ کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی صحافیوں کے جائز حقوق اور سلامتی کیلئے حکومت مزید عملی اقدامات کیساتھ انکی لائف انشورنس بھی کروائے کیونکہ حق سچ کی خبروں کی نشر واشاعت ونامساعد حالات میں صحافیوں کی زندگیوں کو خطرات لاحق رہتے ہیں انکی فیملیز کیلئے مناسب اعزایہ لگانا اور شہید صحافیوں کے پسماندگان کی معاشی خبر گیری کرنا اشد ضروری ہے۔ 3 مئی عالمی یوم صحافت کے موقع پر تمام بہادر صحافیوں بالخصوص وہ تمام صحافی حضرات جو دھمکیوں جیلوں اور تشدد کو جھیلتے رہے یہاں تک کے اپنی جانیں قربان کر دیں ان کی عظمت کو سلام پیش کرتا ہوں

اسسٹنٹ کمشنر دیپال پور نعیم بشیر کی زیر صدارت ستھرا پنجاب مہم کا اجلاس

دیپالپور (زاہد عمران خاں تنجوعہ) اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر دیپال پور کی زیر صدارت ستھرا پنجاب مہم کا اجلاس، اجلاس میں ساہیوال واٹر اینڈ سینی ٹیشن کمپنی سروسز کمپنی کے افسران اور کنٹریکٹر نے شرکت کی کمپنی کے افسران نے تحصیل بھر میں صفائی ستھرائی اور سالڈ ویسٹ مینجمنٹ پلان بارے تفصیلی بریفنگ دی، اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر نے وزیراعلیٰ پنجاب کی ستھرا پنجاب میں صاف اور صحت مند معاشرے کی ضامن ہے، صفائی ستھرائی اور کوڑے کرکٹ کو بروقت ٹھکانے لگانے کے لیے جامع حکمت عملی کے تحت اقدامات کیے جائیں، انہوں نے کہا کہ صفائی ستھرائی عوام کا بنیادی حق ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے بنائی گئی ہیں فیلڈ میں متحرک انداز میں کام کریں اور عوام الناس کو صاف ستھرا اور خوبصورت ماحول فراہم کرنے میں اپنا کلیدی کردار ادا کریں

ایسوسی ایٹ میکسو جھنگ ڈویژن سیکنڈ ساجد پرویز سدھانہ نے دربار حضرت پیر شاہ جیونہ کروڑیہ کا وزٹ کیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) ایسوسی ایٹ میکسو جھنگ ڈویژن سیکنڈ ساجد پرویز سدھانہ نے دربار حضرت پیر شاہ جیونہ کروڑیہ کا وزٹ کیا جہاں پر انہوں نے عرس و میلہ پر بجلی کی بلا تعطل فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے انتظامات کا جائزہ لیا اس دوران ایس ڈی او سرگودھا روڈ سب ڈویژن فیسکو جھنگ علی عدنان انجم اور لائن سٹاف بھی ان کے ہمراہ تھے اس موقع پر ایسوسی ایٹ ساجد پرویز سدھانہ نے لائن سٹاف کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ عرس و میلہ پر بجلی کی بلا تعطل فراہمی کو یقینی بنائیں سیفٹی آلات کے استعمال کا خاص خیال رکھیں اپنی ڈیوٹی الرٹ ہو کر سرانجام دیں غفلت لاپرواہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی ایسوسی ایٹ ساجد پرویز سدھانہ نے ایس ڈی او علی عدنان انجم کے ہمراہ دربار حضرت شاہ جیونہ کروڑیہ پر حاضری بھی دی اور فاتحہ خوانی کی

حضرت سید محبوب عالمؒ المعروف شاہ جیونہ کروڑیہ کے سالانہ عرس کی تقریبات کے موقع پر سیکورٹی پلان تیار

زائرین کی حفاظت کو مزید موثر بنانے کیلئے درگاہ کے احاطے میں داخلے کے دوران سخت چیکنگ کی جائے گی

جھنگ (بیورو رپورٹ) حضرت سید محبوب عالمؒ المعروف شاہ جیونہ کروڑیہ کے سالانہ عرس کی تقریبات کے سلسلے میں ضلع پولیس جھنگ نے زائرین کی حفاظت اور امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنے کیلئے جامع سیکورٹی پلان تشکیل دے دیا ہے۔ ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کی ہدایت پر 823 پولیس افسران، جوان اور لیڈی کانسٹیبلز سیکورٹی کے فرائض انجام دیں گے۔ ڈی پی او نے بتایا کہ ایلیٹ فورس کے دستے درگاہ کے اطراف اور ملحقہ علاقوں میں مسلسل گشت کریں گے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے بچا جاسکے۔ رش کے باعث گم ہونے والے بچوں کی حفاظت کیلئے ۞۞ پولیس سیٹیزن ڈیسک ۞۞ بھی قائم کیے گئے ہیں، جہاں فوری معاونت فراہم کی جائے گی۔ مزید برآں، ٹریفک کی روانی اور زائرین کی سہولت کیلئے 104 ٹریفک اہلکار تعینات کیے گئے ہیں تاکہ ٹریفک کی بلا تعطل روانی کو یقینی بنایا جاسکے۔ ایمرجنسی کی صورت میں پولیس کی بھاری نفری ہمہ وقت تیار رہے گی۔ زائرین کی حفاظت کو مزید موثر بنانے کیلئے درگاہ کے احاطے میں داخلے کے دوران سخت چیکنگ کی جائے گی اور فول پروف سیکورٹی فراہم کی جائے گی۔ ڈی پی او بلال افتخار کیانی نے زائرین سے اپیل کی ہے کہ وہ ڈیوٹی پر موجود پولیس اہلکاروں سے تعاون کریں۔

مسعود بٹ عرف سودی بٹ: پاکستان فلم انڈسٹری کا درخشاں ستارہ، لیکن سرکاری سطح پر نظر انداز

93 فلموں کی ہدایتکاری کے بعد بھی وہ حکومتی سطح پر جائز عزت وتکریم سے محروم ہیں



فیصل آباد (ملک بشیر احمد) پاکستان فلم انڈسٹری کا ایک معتبر اور تاریخی نام، مسعود بٹ عرف سودی بٹ، جنہوں نے 1977 میں بطور ہدایتکار فلمی دنیا میں قدم رکھا، آج 93 فلموں کی ہدایتکاری کے بعد بھی وہ حکومتی سطح پر جائز عزت و تکریم سے محروم ہیں۔ اب تک ان کی فنی خدمات کو نہ تو پرائیڈ آف پرفارمنس سے سراہا گیا ہے اور نہ ہی کوئی اعزازی امتیاز ان کے حصے میں آیا، جو بلاشبہ ایک ناقابل برداشت زیادتی کے مترادف ہے۔ پاکستان کے پہلے کمرشل فلم ڈائریکٹر کی حیثیت رکھنے والے مسعود بٹ نے اپنی فنی زندگی میں ایسی کئی فلمیں تخلیق کیں جو عوامی سطح پر مقبول ہوئیں اور باکس آفس پر سپرہٹ ثابت ہوئیں۔ ان میں سخی بادشاہ، خاندان، قیدی، مولا سائیں، شیراں دی ماں، خدا جانے، بے قابو، فریب گنڈا ایکٹ، چالان میدان پر یا میلہ جیسی فلمیں شامل ہیں۔

پروفیشنل فوٹو جرنلسٹس ایسوسی ایشن فیصل آباد کے زیر اہتمام آزادی صحافت کے عالمی دن کے موقع پر آج آزادی صحافت ریلی نکالی گئی

ریلی کی قیادت پروفیشنل فوٹو جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے صدر محمد صادق نے کی ریلی پریس کلب سے شروع ہو کر ضلع کونسل چوک تک گئی



فیصل آباد (بیورو رپورٹ) پروفیشنل فوٹو جرنلسٹس ایسوسی ایشن فیصل آباد کے زیر اہتمام آزادی صحافت کے عالمی دن کے موقع پر آج آزادی صحافت ریلی نکالی گئی جس کی قیادت پروفیشنل فوٹو جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے صدر محمد صادق نے کی ریلی پریس کلب سے شروع ہو کر ضلع کونسل چوک تک گئی صدر محمد صادق اور جنرل سیکرٹری سعید سومی نے ریلی کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے آزادی صحافت کی اہمیت، افادیت کے بارے میں روشنی ڈالی اور کہا آزاد پریس عالمی اہمیت کے مسائل اجاگر کرنے کے لیے ناگزیر ہے دنیا بھر میں صحافیوں کو اپنا کام کرنے میں چیلنجز کا سامنا ہے صحافیوں کی سیکیورٹی کے لیے اقدامات کیے جائیں تاکہ وہ بلاخوف رپورٹنگ وفوٹو گرافی کرسکیں انھوں نے مزید کہا کہ میڈیا قومی مفاد مدنظر رکھتے ہوئے ذمہ دارانہ اور درست رپورٹنگ کرے کوریج کے دوران جان قربان کرنے والے صحافی ہمارے ہیرو ہیں، جبر سے لڑنا اور سچائی سامنے لانا ہی آزادی صحافت کے عالمی دن کا پیغام ہے آزادی اظہار جمہوریت کی بنیاد اور معاشرے میں سچائی کی پکار ہے صحافیوں کی سیکیورٹی کے لیے ہے جو اپنے معاشرے اور وقت کے حالات وواقعات اور ان کی سمت ورفتار سے باخبر رکھنے انھوں نے فوٹو جرنلسٹس صحافیوں اور میڈیا ورکرز کو سلام پیش کرتے ہوئے خراج تحسین پیش کیا ریلی میں آصف غوری، شوکت سلطان بٹ، اکرم وٹو، شہزاد انصاری، محمد راشد، اقبال کریمی محمد بلال، غلام محمد، جاوید رشید، ندیم عالم عبدالحق، نعمان اختر محمد آصف صادق، خادم حسین ودیگر نے شرکت کی۔

اسسٹنٹ کمشنر دیپال پور نعیم بشیر کی زیر صدارت ستھرا پنجاب مہم کا اجلاس

دیپالپور (زاہد عمران خاں تنجوعہ) اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر دیپال پور کی زیر صدارت ستھرا پنجاب مہم کا اجلاس، اجلاس میں ساہیوال واٹر اینڈ سینی ٹیشن کمپنی سروسز کمپنی کے افسران اور کنٹریکٹر نے شرکت کی کمپنی کے افسران نے تحصیل بھر میں صفائی ستھرائی اور سالڈ ویسٹ مینجمنٹ پلان بارے تفصیلی بریفنگ دی، اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر نے وزیراعلیٰ پنجاب کی ستھرا پنجاب میں صاف اور صحت مند معاشرے کی ضامن ہے، صفائی ستھرائی اور کوڑے کرکٹ کو بروقت ٹھکانے لگانے کے لیے جامع حکمت عملی کے تحت اقدامات کیے جائیں، انہوں نے کہا کہ صفائی ستھرائی عوام کا بنیادی حق ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے بنائی گئی ہیں فیلڈ میں متحرک انداز میں کام کریں اور عوام الناس کو صاف ستھرا اور خوبصورت ماحول فراہم کرنے میں اپنا کلیدی کردار ادا کریں

ملک وقوم کی ترقی کیلئے نوجوانوں کو جدید تعلیم یافتہ ہونا ضروری ہے: ڈپٹی کمشنر حافظ آباد

آج کے جدید دور میں طلباء وطالبات کو ماضی کے نظام تعلیم سے مختلف نئے نظام تعلیم کے تحت کمپیوٹر سائنس، میڈیکل، انفارمیشن ٹیکنالوجی، انجینئرنگ جیسی جدید تعلیم کے حصول کو یقینی بنانا ہوگا کیونکہ آنے والے وقت میں ایس ہی جدید تعلیم، ہنر اور قابلیت کی ضرورت ہوگی



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے کہا ہے کہ کسی بھی ملک وقوم کی ترقی کیلئے نوجوان نسل کا جدید تعلیم کا حصول بہت ضروری ہے۔ آج کے جدید دور میں طلباء وطالبات کو ماضی کے نظام تعلیم سے مختلف نئے نظام تعلیم کے تحت کمپیوٹر سائنس، میڈیکل، انفارمیشن ٹیکنالوجی، انجینئرنگ جیسی جدید تعلیم کے حصول کو یقینی بنانا ہو گا کیونکہ آنے والے وقت میں ایس ہی جدید تعلیم، ہنر اور قابلیت کی ضرورت ہوگی۔ ڈسٹرکٹ پبلک سکول حافظ آباد کا ایک واحد ادارہ ہے جہاں طلباء وطالبات کو ایک معیاری تعلیم کی فراہمی کے ساتھ ساتھ انکی شخصیت اور کردار سازی کو بھی بہتر بنانے کا کام کیا جاتا ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار ڈسٹرکٹ پبلک سکول کی سالانہ تقسیم انعامات کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ پرنسپل محمد زمان چیمہ، بورڈ آف گورنرز کے اراکین چودھری فلک شیر چٹھہ، کرنل علی احمد اعوان، شیخ نجم السلام، پروفیسر محمد ایوب طاہر، شفقت حسین تارڑ، عمران حبیب، میڈم گلناز، شیخ نعیمل اسحاق، ثاقب اقبال رتو سمیت اساتذہ، بچوں کے والدین اور معززین کی بڑی تعداد نے تقریب میں شرکت تھی۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ دنیا میں جتنے بھی ترقی یافتہ ممالک کے لوگوں نے ترقی کی انہوں نے اپنے نظام تعلیم کو وقت کے ساتھ ساتھ تبدیل کیا اور آج ہمیں بھی ضرورت ہے کہ ہم ماضی کے نظام تعلیم کی بجائے اپنے بچوں کو سائنس، میڈیکل، آئی ٹی، انجینئرنگ سمیت دیگر ایسی تعلیم دلوائیں جس کی آنے والے وقتوں میں ضرورت ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے سکول کے بچوں، اساتذہ اور شہریوں سے ستھرا پنجاب پروگرام کو کامیاب بنانے کے حوالے سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ اپنے گھروں، گلی، محلوں کی صفائی ستھرائی کو یقینی بنانے کے لیے اپنی ذمہ داری پوری کریں۔ جگہ جگہ کوڑا کرکٹ مت پھینکیں۔ کوڑا اور کچرا وغیرہ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے رکھنے جانے والے کنٹینرز میں پھینکیں تاکہ ہمارا شہر، گلی، محلے اور بازار صاف ستھرے اور خوبصورت رہیں۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر اور دیگر بورڈ آف گورنرز نے پوزیشن ہولڈرز بچوں میں انعامات تقسیم کیے۔ سکول کے بچوں نے افواج پاکستان سے یکجہتی اور وطن سے محبت کے اظہار میں مختلف ٹیبلوز بھی پیش کیے۔

مسلم لیگ نواز کے دیرینہ ساتھی محمد خان نے اپنے ساتھیوں سمیت پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کرلی

اس سلسلہ میں محمد خان نے میڈیا کے نمائندہ کو بتایا کے عرصہ دراز سے میں اور میرا خاندان مسلم لیگ نواز کو ووٹ بھی دے رہا ہے اور سپورٹ بھی کر رہا ہے



گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) پاکستان پیپلز پارٹی کے سابق ٹکٹ ہولڈر سیاسی سماجی شخصیت امیدوار پی پی 68 چودھری سردار اقبال گجر المعروف سیٹی گجر نے اپنے حلقہ میں لوگوں کے کام کر کے ان کے دل جیت لئے جس کی وجہ سے مسلم لیگ نواز کے دیرینہ ساتھی محمد خان نے اپنے ساتھیوں سمیت پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کر لی، اس سلسلہ میں محمد خان نے میڈیا کے نمائندہ کو بتایا کے عرصہ دراز سے میں اور میرا خاندان مسلم لیگ نواز کو ووٹ بھی دے رہا ہے اور سپورٹ بھی کر رہا ہے مگر مجھے ایک کام جو میرا جائز کام تھا وہ مجھے ن لیگ کے ایم پی اے سے پڑا مگر انہوں نے میرا کام نہ کیا میرا کام چودھری سردار اقبال گجر جو کے پیپلز پارٹی کے ٹکٹ ہولڈر ہیں جنہوں نے پی پی 68 میں ایم پی اے کا الیکشن لڑا ان کے پاس میں آیا انہوں نے مجھے گھانا بھی کھلایا میری دادرسی بھی کی اور میرا جو جائز کام تھا وہ بھی کر دیا میں سے میں اور میرا خاندان مسلم لیگ نواز کو ووٹ بھی دے رہا ہے اور سپورٹ بھی کر رہا ہے مگر مجھے ایک کام جو میرا جائز کام تھا وہ مجھے ن لیگ کے ایم پی اے سے پڑا مگر انہوں نے میرا کام نہ کیا میرا کام چودھری سردار اقبال گجر جو کے پیپلز پارٹی کے ٹکٹ ہولڈر ہیں جنہوں نے پی پی 68 میں ایم پی اے کا الیکشن لڑا ان کے پاس میں آیا انہوں نے مجھے گھانا بھی کھلایا میری دادرسی بھی کی اور میرا جو جائز کام تھا وہ بھی کر دیا میں اس اور میرا خاندان مسلم لیگ نواز کو ووٹ بھی دے رہا ہے اور سپورٹ بھی کر رہا ہے مگر مجھے ایک کام جو میرا جائز کام تھا وہ مجھے ن لیگ کے ایم پی اے سے پڑا مگر انہوں نے میرا کام نہ کیا میرا کام چودھری سردار اقبال گجر جو کے پیپلز پارٹی کے ٹکٹ ہولڈر ہیں جنہوں نے پی پی 68 میں ایم پی اے کا الیکشن لڑا ان کے پاس میں آیا انہوں نے مجھے گھانا بھی کھلایا میری دادرسی بھی کی اور میرا جو جائز کام تھا وہ بھی کر دیا میں سردار اقبال سیٹی سے اتنا متاثر ہوا ہوں جناب پس نے اس دن سے اپنے گھر میں پاکستان پیپلز پارٹی کا جھنڈا لگا لیا ہے اور اب میں مسلم لیگ ن کو چھوڑ کے پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت کا اعلان کرتا ہوں کیوں کے پیپلز پارٹی ایک پارٹی نہیں بلکہ ایک تحریک ہے ایک خاندان کا حصہ ہے اور مجھے بڑا پیار ملا پیپلز پارٹی کے جو عہدیدار ہیں اور آنے والے الیکشن میں انشاءاللہ میں بھرپور پیپلز پارٹی کا ساتھ دوں گا۔

ورلڈ جرنلسٹ ڈے پر جناح اسلامیہ گریجوایٹ کالج میں تقریب کا انعقاد ہوا

مقررین نے اعلیٰ صحافتی اقدار، خبر نگاری اور صحافیوں کے تحفظ پر زور دیا



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سنیئر جرنلسٹ جنید آفتاب آف روزنامہ جنگ کی زیر صدارت انٹرنیشنل ورلڈ جرنلسٹ ڈے کے موقع پر سیالکوٹ کے سنیئر صحافیوں، سابقہ چیئرمین پریس کلب سیالکوٹ چوہدری محمد صفدر، خالد لطیف آف سٹی میگ، خرم میر، رانا نوید، خواجہ عامر جاوید روزنامہ قوت، چوہدری عبدالقیوم، سلیم شیخ اعوان، اساتذہ، طلباء وطالبات اور سول سوسائٹی کی شرکت۔ مقررین نے اس موقع پر موجودہ حالات کے تناظر میں زمہ دار صحافت کرتے ہوئے تحقیق اور مشاہدہ کے بعد ویریفکیشن کے بعد خبر کی نشر واشاعت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ صحافیوں کے حقوق کے تحفظ پر عملدرآمد کی ضرورت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان دنیا میں صحافیوں کیلئے خطرناک ممالک کی فہرست میں شامل ہے حکومت کو صحافیوں کی لائف انشورنس کیساتھ حادثاتی موت کی صورت انکے لواحقین کے معاشی مسائل کے لئے باقاعدہ پلان مرتب کرکے عملدرآمد کی ضرورت ہے۔

عوامی ریلیف کے پیش نظر اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر کا اراضی ریکارڈ سینٹر میں ریونیو سروسز کا جائزہ

دیپالپور (ذاہد عمران خاں تنجوعہ) عوامی ریلیف کے پیش نظر اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر کا اراضی ریکارڈ سینٹر میں ریونیو سروسز کا جائزہ، انہوں نے سینٹر میں سائلین سے مسائل دریافت کیے اور ان کی درخواستوں پر فوری عمل درآمد کے لیے موقع پر احکامات جاری کیے، اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر نے اور حاضری ریکارڈ سینٹر کے مختلف کاؤنٹرز پر کمپیوٹرائزڈ ریکارڈ کی بھی چیکنگ کی، اس موقع پر انہوں نے کہا کہ عوام کو ریویو ریکارڈ کی فراہمی کے سلسلے میں ریلیف فراہم کرنے کے لیے تمام کاؤنٹرز مکمل طور پر آپریشنل رکھتے ہوئے برق رفتاری سے امور کی انجام دہی کا سلسلہ جاری رکھا جائے، انہوں نے کہا کہ بورڈ آف ریونیو کی ہدایات کے مطابق سائلین کو درپیش مسائل کا حل ممکن کے بنایا جائے

علامہ سینئر ساجد میر مرحوم کا نماز جنازہ گورنمنٹ علامہ اقبال خواتین پوسٹ گریجویٹ کالج گراؤنڈ میں ادا کیا گیا

نماز جنازہ میں وزیر دفاع خواجہ محمد آصف، وفاقی وزیر تزئی ومنصوبہ بندی، پروفیسر چودھری احسن اقبال ودیگر کی شرکت



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سیالکوٹ پاکستان جمعیت اہلحدیث کے مرکزی امیر پروفیسر علامہ سینئر ساجد میر مرحوم کا نماز جنازہ گورنمنٹ علامہ اقبال خواتین پوسٹ گریجویٹ کالج گراؤنڈ میں ادا کیا گیا، نماز جنازہ میں وزیر دفاع خواجہ محمد آصف، وفاقی وزیر تزئی ومنصوبہ بندی، پروفیسر چودھری احسن اقبال، وزیر مملکت چودھری ارمغان سبحانی، ایم پی اے محمد منشاء اللہ بٹ،، ایم پی اے چودھری طارق سبحانی، ایم پی اے رانا عارف، رانا لیاقت علی، مولوی شکور، جماعت اسلامی کے سابق امیر سراج الحق، مولانا فضل الرحمن کے نمایندے عبدالغفور حیدری، جمعیت اہلحدیث کی سنیٰ رممبران وعلماء، پاکستان بھر سے سیاسی، مذہبی، کے نمائندوں، کارکنوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

حکومت کی جانب سے عوام کو کوئی ریلیف نہیں دیا جا رہا: چوہدری قاسم ریاض گجر

خط غربت سے نیچے زندگی گزارنے والوں کی تعداد مسلسل بڑھ رہی ہے نوکریاں ختم کر کے بے روزگاری میں اضافہ کیا جا رہا ہے کاروبار نہ ہونے کے برابر رہ گیا ہے

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) حکومت کی جانب سے عوام کو کوئی ریلیف نہیں دیا جا رہا خط غربت سے نیچے زندگی گزارنے والوں کی تعداد مسلسل بڑھ رہی ہے نوکریاں ختم کر کے بے روزگاری میں اضافہ کیا جا رہا ہے کاروبار نہ ہونے کے برابر رہ گیا ہے عوام دو وقت کی روٹی مشکل سے پوری کر رہی ہے ان خیالات کا اظہار حلقہ پی پی 136 سے آزاد امیدوار چودھری قاسم ریاض گجر نے گفتگو کرتے ہوئے کیا ان کا مزید کہنا تھا کہ موجودہ حکومت غریب مکاؤ کسان مکاؤ پالیسی پر عمل پیرا ہے عوام جانتی ہے مینڈیٹ کے بغیر آنے والی حکومت سے کوئی امید وابستہ نہیں کی جاسکتی مخالفین کو دبانے کی سیاست سے ملک کی معاشی حالت بہتر نہیں ہو سکتی حکومت کا اوچھے ہتھکنڈے استعمال کرنے کا سلسلہ جاری ہے جو ملک کے لئے اچھا شگون نہیں حکومت عوام فلاحی منصوبوں کی طرف توجہ دے تاکہ ملک حقیقی معنوں میں ترقی کی راہ پر گامزن ہو سکے مودی سرکار ہوش کے ناخن لے پاک بھارت جنگ سے خطے میں تباہی ہوگی جس کی ذمہ دار تعصب پسند مودی سرکار ہوگی۔

وزیر اعلیٰ پنجاب معاون آلات سکیم کے تحت معذور افراد میں وہیل چیئرز کی تقسیم کی تقریب ماڈل چلڈرن ہوم میں انعقاد پذیر ہوئی

تقریب کا مقصد معذور افراد کی زندگیوں میں سہولت پیدا کرنا اور ان کے لیے نقل وحرکت کو ممکن بنانا ہے: کمشنر گوجرانوالہ



گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب اسسٹیو ڈیوائسز اینڈ وہیل چیئرز پروگرام کے تحت معاشرے کے پسماندہ اور خصوصی افراد کی خدمت اور انہیں بااختیار بنانے میں ایک عظیم انسانی فریضہ ہے۔ آج کی پُر وقار تقریب اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے جس میں معذور افراد کو مفت وہیل چیئرز فراہم کی گئیں۔ اس تقریب کا مقصد معذور افراد کی زندگیوں میں سہولت پیدا کرنا اور ان کے لیے نقل وحرکت کو ممکن بنانا ہے تاکہ وہ بھی معاشرتی سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لے سکیں۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نوید احمد بھی انکے ہمراہ تھے جبکہ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر ارشاد وحید، ڈپٹی ڈائریکٹر میڈم سمیرا اقبال، ڈپٹی ڈائریکٹر تعلقات عامہ منور حسین، اسسٹنٹ ڈائریکٹرز مس زیب النساء، میڈم رابعہ افضل، سوشل ویلفیئر آفیسر عبید رحمت، کامران حسین اور 50 سے زاہد معذور افراد نے تقریب میں شرکت کی۔ کمشنر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق اپنے ضلع کے افراد کے لئے معاون آلات کے بڑے منصوبے کا گوجرانوالہ ضلع سے آغاز کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سکیم میں وزیر اعلیٰ خود کار وہیل چیئر، پیڈز وہیل چیئر، ٹرائی وہیل سکوٹی، اور دیگر معاون آلات فراہم کئے جائیں گے انہوں نے معذور افراد کے حوصلے اور عزم کو سراہا اور کہا کہ حکومت کے ایسے فلاحی اقدامات کو فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ ہر ضرورت مند تک مدد پہنچ سکے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تقریب نہ صرف مدد کا ذریعہ بنی بلکہ ایک پیغام بھی دے گئی کہ اگر نیت خالص ہو تو معاشرہ ہر فرد کے لیے آسان بن سکتا ہے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر میڈم سمیرا اقبال نے بتایا کہ آج 30 معذور بچوں اور بڑوں میں وہیل چیئرز تقسیم کی گئی ہیں اور اب تک 300 درخواستیں موصول ہو چکی ہیں 15 مئی تک ضلع بھر کے معذور افراد کی رجسٹریشن کے بعد قواعد وضوابط پر پورا اترنے والے 215 معذور افراد میں وزیر اعلیٰ پنجاب معاون آلات تقسیم کئے جائیں گے۔

شیخوپورہ میں پاک فوج سے اظہار یکجہتی کیلئے ریلی کا انعقاد کیا گیا

مرکزی انجمن تاجران اور مسلم لیگ (ن) کے رہنماؤں سمیت وکلاء دینی ومذہبی جماعتوں کے رہنماؤں اور سول سوسائٹی نے کثیر تعداد میں شرکت کی



شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) شیخوپورہ میں پاک فوج سے اظہار یکجہتی کیلئے ریلی کا انعقاد کیا گیا مرکزی انجمن تاجران اور مسلم لیگ (ن) کے رہنماؤں سمیت وکلاء دینی ومذہبی جماعتوں کے رہنماؤں اور سول سوسائٹی نے کثیر تعداد میں شرکت کی شرکاء ریلی کا جگہ جگہ پر پرتپاک استقبال کیا گیا اور فضا پاک فوج کے حق میں نعروں سے گونجتی رہی ریلی کا آغاز تاریخی گھنٹہ باغ سے ہوا جس کی قیادت مسلم لیگ (ن) کے رہنما چوہدری شہباز احمد چھینہ مرکزی انجمن تاجران کے چیئرمین الحاج ملک محمد اسلم بلوچ اور صدر امجد نذیر بٹ نے کی، ریلی میں پی ٹی آئی کے سینئر رہنما حاجی غلام نبی ورک، خطیب ڈسٹرکٹ اوقاف ڈاکٹر حافظ ع

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

عمران خان کی مذمت پر قومی میڈیا کی خاموشی

پاکستان اور بھارت کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی کے ماحول میں یہ سوال بے حد اہمیت حاصل کر چکا ہے کہ کیا جوہری صلاحیت کے حامل دو ہمسایہ ملکوں میں جنگ ٹالی جا سکتی ہے۔ کسی کے پاس اس سوال کا جواب نہیں ہے۔ کیوں کہ نئی دہلی سے مسلسل جنگ جوئی کا بیانیہ بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے جبکہ پاکستان نے واضح کیا ہے کہ وہ جنگ میں پہل نہیں کرے گا لیکن اپنے خلاف ہونے والی کسی کارروائی پر خاموش بھی نہیں رہے گا۔ آج لائن آف کنٹرول کے دورہ کے دوران پاکستانی سپاہ سے خطاب کرتے ہوئے آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے دوٹوک الفاظ میں باور کرایا ہے کہ پاکستان علاقائی امن کے لیے پرعزم ہے مگر اس حوالے سے کوئی ابہام نہیں ہونا چاہیے کہ اگر انڈیا نے کسی بھی طرح کی فوجی مہم جوئی کی تو پاکستان کی جانب سے اس کا فوری اور بھرپور جواب دیا جائے گا۔ قیاس کیا جا رہا ہے کہ پاکستانی چیف آف آرمی اسٹاف کا یہ بیان 2019 میں پاکستانی فوجی قیادت کی طرف سے اختیار کیے گئے معتدل اور مفاہمانہ موقف سے برعکس ہے۔ اس وقت پلوامہ میں 40 بھارتی فوجیوں کی ہلاکت کے بعد بھی مودی حکومت نے پاکستان پر الزام عائد کرتے ہوئے انتقام لینے اور پاکستان کو سزا دینے کا بیانیہ بنایا تھا۔ اسی کے نتیجے میں بالاکوٹ پر حملہ کر کے گھس کر ماریں گے کے دعوے کیے گئے اور اس حملہ کو سرجیکل اسٹرائیک کا نام دے کر باور کرانے کی کوشش کی گئی کہ بھارت، پاکستان میں دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ 2019 میں اس سانحہ کے بعد پاک فضائیہ نے بھارتی فائیٹرز کے ساتھ ایک جنگ میں دو بھارتی طیارے مار گرائے تھے جن میں ایک پاکستانی علاقے میں گرا اور اس کا پائلٹ گرفتار کر لیا گیا۔ پاکستان نے اس وقت مزید کشیدگی سے بچنے اور تنازعہ ختم کرنے کے مقصد سے پائلٹ کو فوری طور سے رہا کر کے حالات معمول پر لانے کی کوشش کی تھی۔ تاہم اس بار پاک فوج اور سیاسی قیادت کی طرف سے سامنے آنے والے اشاروں میں واضح طور سے پیغام دیا جا رہا ہے کہ اب حالات تبدیل ہو چکے ہیں اور بھارت کو ہر چند سال بعد کسی واقعہ کا الزام پاکستان پر لگا کر کسی عسکری کارروائی کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ اس بار پاکستان کی طرف سے بین الاقوامی دارالحکومتوں کو یہی پیغام پہنچایا گیا ہے کہ پاکستان جنگ نہیں چاہتا اور امن کے لیے ہر قسم کی بات چیت اور اقدامات پر آمادہ ہے لیکن اگر بھارت نے پاکستان کے خلاف کوئی عسکری کارروائی کی تو اسے برداشت نہیں کیا جائے گا۔ پاکستان کا یہ پیغام کئی طریقوں سے سامنے آیا ہے۔ پہلگام سانحہ اور اس کے بعد بھارت کی طرف سے الزام تراشی کے سنگین ماحول میں پاکستانی حکومت کے نمائندوں نے تسلسل واضح کیا ہے کہ اس بار پاکستان کا ردعمل 2019 کے مقابلے میں مختلف ہوگا۔ گزشتہ روز آئی ایس پی آر کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار کے ساتھ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا تھا کہ پہلگام کے سانحہ میں پاکستان کا کوئی کردار نہیں ہے۔ اس کے باوجود اگر بھارت اشتعال انگیزی کرتا ہے اور کوئی جنگی صورت پیدا کی جاتی ہے تو یہ اس کا فیصلہ ہوگا لیکن پھر یہ جنگ کیا رخ اختیار کرتی ہے، یہ ہم طے کریں گے۔ اس بیان سے بھی یہی اندازہ قائم کیا جا رہا تھا کہ پاک فوج بھارت پر واضح کر رہی ہے کہ اس بار کسی نرمی کی توقع نہ رکھی جائے۔ پاکستان کی خود مختاری پر کوئی حملہ قبول نہیں کیا جائے گا۔ آج آرمی چیف نے اسی بات کو دہرایا ہے اور دوٹوک الفاظ میں امن کی ضرورت پر زور دیا ہے لیکن واضح کیا ہے کہ پاکستان کسی قسم کی جنگ جوئی کو برداشت نہیں کرے گا اور اس کا بھرپور جواب دیا جائے گا۔ یہ محض دھمکی یا عوام کے اطمینان کے لیے جاری ہونے والا بیان نہیں ہے بلکہ اس کے ذریعے بھارتی لیڈروں پر واضح کیا جا رہا ہے کہ پاکستان بھارتی اشتعال انگیزی برداشت کرنے پر تیار نہیں ہے اور اس کا جوب دینے کے لیے کسی بھی حد تک جانے پر آمادہ ہے۔ ایک اندازہ ہے کہ 2019 میں بھارت کو بالاکوٹ پر حملہ کرتے ہوئے یقین تھا کہ پاکستان کے ساتھ کوئی چپقلش نہ تو کسی بڑی جنگ میں تبدیل ہوگی اور نہ ہی کسی قسم کے جوہری ہتھیار استعمال ہونے کی نوبت آئے گی۔ البتہ اس بار نئی دہلی کو اس کے برعکس پیغام پہنچایا جا رہا ہے۔ اسی پیغام رسانی کی وجہ سے بھارت کے عسکری تجزیہ نگار بھی دونوں ملکوں میں کسی بڑی جنگ کے امکان کو مسترد کر رہے ہیں۔ البتہ کسی معمولی جھڑپ کے قیاس قائم کیے جا رہے ہیں۔ لیکن اس حوالے سے مودی حکومت کے لیے یہ مسئلہ موجود ہے کہ اس نے پہلگام کے بعد پاکستان کے خلاف دہشت گردی کا الزام لگاتے ہوئے ایسے سخت الفاظ کا چناو کیا اور بھارتی میڈیا نے جنگ کا ایسا سنسنی خیز ماحول قائم کیا کہ کوئی نام نہاد سرجیکل اسٹرائیک قسم کا واقعہ بھارتی رائے عامہ کی تشفی نہیں کر پائے گا۔ اس کے ساتھ ہی پاکستان کی طرف سے یہ بتا دیا گیا ہے کہ اگر کوئی حملہ ہوا تو اس کا جواب دیا جائے گا۔ اس جوابی کارروائی کی نوعیت کے بارے میں ابہام موجود ہے لیکن پاکستانی لیڈر آنکھ کے بدلے آنکھ سے زیادہ کی بات کر رہے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ امن ہماری ترجیح ہے لیکن اگر جنگی کارروائی ہوئی تو ہم جوابی کارروائی کی شدت کا فیصلہ کرنے میں آزاد ہوں گے۔ یہی ایک نکتہ بھارتی حکام کے لیے پاکستان کے ساتھ کسی جھڑپ سے باز رہنے کا پیغام ہے۔ بھارت نے پہلگام سانحہ کا الزام پاکستان پر عائد کرنے کے باوجود ابھی تک اس کے کوئی ثبوت پیش نہیں کیے ہیں۔ بھارتی حکومت نے امریکہ سمیت تمام ممالک سے سفارتی اعانت حاصل کرنے کے لیے جو رابطے کیے ہیں، ان میں یہی کہا گیا ہے کہ ماضی میں پاکستان کا کردار مشکوک رہا ہے۔ لیکن دنیا پہلگام سانحہ میں پاکستان کے ملوث ہونے کے ثبوت مانگتی ہے۔ اس کے واضح شواہد موجود نہ ہونے کی صورت میں بھارتی لیڈروں سے کہا جاتا ہے کہ وہ تحمل سے کام لیں اور محض اندازوں کی بنیاد پر پاکستان کے خلاف جنگ جوئی سے باز رہیں۔ کیوں کہ کسی ٹھوس ثبوت کے بغیر ایک خود مختار ملک پر حملہ کرنے یا فوجی کارروائی میں اسے سزا دینے کا طریقہ قابل قبول نہیں ہوگا۔ امریکہ کے صدر ٹرمپ کی حکومت بھی بھارتی لیڈروں کو یہی پیغام دے رہی ہے۔ صدر ٹرمپ نے اس معاملہ پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا تھا کہ دونوں ملکوں میں قدیم دشمنی ہے۔ وہ خود ہی اس سے نمٹ لیں گے۔ اب امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے پاکستان کے وزیر اعظم شہباز شریف اور بھارتی وزیر خارجہ جے شنکر سے فون پر بات کی ہے۔ امریکی وزیر خارجہ نے دونوں ملکوں کو جنگی صورت حال ختم کرنے اور مل جل کر معاملات طے کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ امریکہ کے وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ نے بھی اپنے بھارتی ہم منصب راج ناتھ سنگھ سے بات کی ہے اور موجودہ صورت حال پر تبادلہ خیال کیا ہے۔ راج ناتھ سنگھ نے اس گفتگو کے بارے میں ایکس پر ایک بیان میں دعوی کیا ہے کہ امریکی وزیر دفاع نے کہا ہے کہ امریکہ انڈیا کے ساتھ کھڑا ہے اور اس کے حقِ دفاع کی حمایت کرتا ہے۔ امریکہ کی طرف سے پاکستانی و بھارتی لیڈروں کے ساتھ رابطوں کے بارے میں کوئی بیان سامنے نہیں آیا۔ البتہ راج ناتھ سنگھ جو بیان امریکی وزیر دفاع سے منسوب کر رہے ہیں

قصور تاریخ

تحریر: غلام سرور کھوکھر قصوری

قصور تاریخ شاہد ہے جن لوگوں نے ملک وقوم کی خدمت کی وہ دنیا اور آخرت میں سرخرو ہوے اور ان نام رہتی دنیا تک قائم رہتے ہیں_یہ کام انہوں غیر کاری طور پر کیا ھو_یا غیر سرکاری طور پر کیا ہو_اور کچھ گم نام سکندر ایسے بھی موجود ھوتے ہیں جن کا نام اگر شامل نہ کیا جائے تو تاریخ مکمل نہیں ھوتی ایسے گم نام سکندروں میں محکمہ ایجوکیشن کے مایہ ناز محقق دانشور ادیب گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج آف کامرس چوکی کے پرنسپل عزت مآب جناب حاجی نثار احمد صاحب کو شامل نہ کیا جائے تو تاریخ مکمل نہیں ھوتی _انکی بہترین حکمت عملی اور بہترین منجمنٹ کی وجہ سیکالج چوکی کو اعلی مقام حاصل ھوا ہے گذشتہ روز ہمارے نمائندہ سے گفتگو کرتہوئے کہ انہوں نے کہا کہ اسوقت کالج میں طالب علموں کی تعداد 210 ہیجو ڈی کام ,ای کام اور آئی سی ایس کی تعلم سے مستفید ھورہے ہیں انہوں نے کہا کہ مختلف مذہبی تہواروں پر محفل نعت , محفل قرات اور قرآنی خوانی کا اہتمام کیا جاتا ہے. قائداعظم ڈے اقبال ڈے اور پیرنٹس ڈے) والدین ڈے (پر بچوں کے والدین سے ملاقات کرکیچوں کی تعلیمی نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں کے بارےمیں والدین آ گاہ کیا جاتا ہے انہوں نے کہا کہ بچوں کی غیر نصابی سرگرمیوں میں کالج میں کرکٹ ,والی بال ٹورنامنٹ رسہ کشی کا اہتمام بھی کیا جاتا ہیاس وقت کالج میں شارٹ ہینڈ کورسسز کا خصوصی اجرا کیا گیا ہے تا کہ طالعلم فارغ وقت میں شارٹ کورسسز سے استفادہ حاصل کر سکیں _ماہانہ ٹیسٹوں لیبھی مربوط نظام کی طرف خصوصی توجہ دی گئی ہے مستحق طلبا میں وظائف دیے جاتے ہیں انہوں کہا کہ طالب علموں کے بہتر مستقبل کے لیے میں اور میرا سٹاف ہمہ تن کوشاں ہیں انہون نے کہا طالعلموں کواپنی پڑھائی کی طرف خصوصی توجہ دینی چاہے وقت پر کالج کا کام کرنا چاہیے-اپنا اور اساتذہ, والدین اور کالج نام روشن کریں کالج میں اساتذہ کرام کی کمی کی وجہ سے کالج کا رزلٹ بہتر ہونے کی بجائیرزلٹ کا گراف نیچے گر رہا ہیچس پر چوکی کی عوامی اور سماجی فلاحی تنظیموں اور طالب علموں کے والدین نیوز یر تعلیم اور ارباب اختیار فوری طور پر نوٹس لینے کا مطالبہ کیا تا کہ طالبعلموں کے تعلیمی معاملات متاثر نہ ہوں.

ویل ڈن پاک فوج

انڈیا کی گیدڑ بھبکیاں انڈیا کی بے تکی للکار انڈیا کا پوری دنیا کو تماشہ دکھانا اور مودی جیسے بندر نچانے والے کا انجام یا جواب پاک فوج نے دیا اس پر صرف یہی کہا جا سکتا ہے ویل ڈن پاک فوج ویل ڈن چند دن پہلے واقعہ پہلگام پر انڈیا نے جو شور شرابہ کیا اور پاکستان پر الزام لگایا انتہائی افسوسناک تھا اس پر میں یہ نہیں کہتا کہ جو لوگ وہاں پہ مارے گئے اس پر افسوس نہیں کرنا چاہیے بلکہ افسوس تو یہ ہے کہ انڈیا کی گھٹیا سوچ اور ان کی ارمی کا اس گھٹیا سوچ میں ساتھ دینا انتہائی افسوس ناک تھا لیکن پاکستان کو انڈیا نے سمجھ کیا رکھا تھا کیا یہ پاکستان ریت کی دیوار ہے کہ جسے چاہے گا حوا سے اڑا دے گا پاکستانی فوج کو انڈیا نے کیا سمجھ رکھا ہے کہ یہ کیا خواب خرگوش کے مزے لے کر سو رہے ہیں یا پھر غفلت کی نیند میں اس حد تک کھو گئے ہیں کہ ان کو اپنے ملک کی بقا و سلامتی کا پتہ نہیں مودی کی تمام تر غلط فہمیاں پاک فوج کے سپہ سالار سید عاصم منیر اور ڈی جی ائی ایس پی ارنے خاک میں ملا دی جب جوانوں کو یہ حکم دیا کہ اپ باڑوں کو سنبھال لیں اگر وطن کی خاطر ہمیں جان دینی پڑی تو جان کا نذرانہ بھی دیں گے لیکن وطن کی بقا و سلامتی پر کوئی کمپرومائز نہیں ہوگا یہ بات مودی کے ذہن میں نہیں تھی اور خاص طور پر انڈین میڈیا اتنا شور نہیں تھی جھوٹ بولتا ہے اور اتنا واویلا کرتا ہے کہ انسان دھنگ رہ جاتا ہے کہ نہ جانے کون سی یہ قیامت لانے والے ہیں لیکن ان کو یہ علم نہیں کہ پاکستان کلمہ کی بنیاد پر بننے والا ملک ہے اور یہ جو ہمارے جوان ہیں ہماری فوج ہے یہ وقتا پر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے شہادت کی موت کو پسند کرتے ہیں ان کو معلوم نہیں کہ یہ تو یونیفارم پہننے سے پہلے



حلف دیتے ہیں کہ ہم اپنے وطن پر انچ نہیں انے دیں گے اپنی عوام کی حفاظت ہماری ڈیوٹی میں شامل ہے تو مودی جیسے نہ سمجھ چائے بیچنے والے نے کیسے یہ پلان تیار کیا کہ پاکستان کو ملیا میٹ کر دے گا انڈین ارمی جو پہلے ہی ڈری سہمی ہوئی پاکستان سے رہتی ہے جب انہیں معلوم ہوا کہ ہم پاکستان کے ساتھ جنگ لڑنے جا رہے ہیں تو پھر گئے کا موت پینے والے خود موتنے لگے اور کوئی ریزائن کرنے لگا تو کوئی فوج سے بھاگنے لگا لیکن سکھ برادری کو میں داد دیتا ہوں کہ جنہوں نے کھل کر سامنے اکر یہ کہا کہ پاکستان کو مٹانا اسان نہیں ہے پاکستان سے ہماری یادیں وابستہ ہیں پاکستان میں ہمارے اباو اجداد کی قبریں ہیں اس لیے ہم پاکستان کے خلاف بات نہیں سنیں گے اور نہ پاکستان کے خلاف جنگ لڑیں گے اور پھر یہی ہوا انڈین ارمی سے سکھ ارمی جوان ریزائن کرنے لگے اور انڈیا کے ہندو بھی مودی کے خلاف ہوئے اور انہوں نے کہا کہ ایک چائے بیچنے والے کے ہاتھ میں اگر ملک دیں گے تو یہی نتیجہ نکلے گا کیا پہلے انڈیا میں غربت کم ہے بے روزگاری کم ہے جو مودی ایک نیا ڈرامہ لگا رہا ہے لیکن پاکستانی فوج ڈٹ کر کھڑی ہوئی پاکستانی عوام نے پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہونے کا ارادہ کر لیا اور پاکستانی ریٹائرڈ فوجی 40 لاکھ کے قریب اپنی یونیفارم کو استری مار کر تیار ہو گئے کہ ہم نے وطن کی بقا و سلامتی کے لیے باڈروں پر جانا ہے اور اپنی وردی کا حق ادا کرنا ہے یہ مودی احمق سمجھ چکا تھا کہ پاکستان کی سات لاکھ فوج کیا کرے گی لیکن مودی کو یہ معلوم نہیں تھا کہ یہ سات لاکھ فوج نہیں 25 کروڑ عوام فوج ہے یہ 25 کروڑ عوام فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہونا جانتی ہے البتہ ہم میں بھی کچھ غدار وطن تھے ہم میں بھی کچھ ایسے پارٹی کے لوگ تھے جو انڈین ارمی کو حمایت کرتے ہوئے نظر ائے جو مودی کا کلمہ پڑھتے ہوئے نظر ائے جو بیرون ملک کھڑے ہو کر انڈین پرچم کو لہراتے ہوئے نظر ائے ایسے غداروں کو بھی سبق مل گیا کہ پاکستان فوج کسی سے کم نہیں ہے پاکستانی فوج کے جوان اپنی جانوں کا نظرانہ دینا بھی جانتے ہیں اور ملک کی بقا و سلامتی رکھنا بھی جانتے ہیں اور پھر اس جماعت کو ان غدار وطن کو منہ کے بل کھانی پڑی جب انڈین افواج نے باڈروں کو چھوڑنا شروع کیا اور پیچھے ہٹنا شروع کیا مودی کے بیان بدلنے لگے انٹرنیشنل سطح پر مودی پر ایک بڑا بریک ڈاؤن اگیا چائنہ جیسا ملک پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑے ہونے کو تیار ہو گیا اسلامی ملک بھی پیچھے ہٹنے کو تیار نہ ہوئے تو پھر ٹرمپ جسے احمق کو اندازہ ہوا کہ نا پاکستان کمزور ہے نہ پاکستان کی فوج کمزور ہے نہ پاکستان کا ایٹم بم نکارہ ہے یہ تو سب تیار بیٹھے ہیں تو مجبورا مودی کو اس نے کہا کہ یہ مقابلہ مشکل ہے اگر پاکستان سے پنگا لیا تو عالمی جنگ چھڑ جائے گی ہندو انڈیا میں ہے مٹ جائے گا لیکن اسلام دنیا میں ہے زندہ رہے گا اور چند دنوں کی دوڑ میں مودی تھکا ہوا نظر ایا ادھر سے سید حافظ عاصم منیر سپہ سالار پاکستان فوج مکمل طور پر خود باڑوں کا معائنہ کرتے ہوئے نظر ائے پاک فوج زندہ باد کے نعرے لگاتے ہوئے نظر ائے پاکستان پائندہ باد کے نعرے لگاتے ہوئے نظر ائے اور پاکستان کے وزیر اعظم نے بھی منہ توڑ جواب دینے کی کوشش کی پاکستان کی موجودہ حکومت میں سی ایم پنجاب سے لے کر جتنے عہدے دران تھے سب نے پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑا ہونے کا ارادہ کر لیا اور ڈر کو دور بھگا دیا اور جو لوگ پاکستان میں بیٹھ کر پاکستان کی غداری کر رہے تھے ان کو منہ کے بل ہی کھانا نہیں پڑی بلکہ 24 کروڑ عوام کے سامنے ان کا مکروہ چہرہ سامنے اگیا اور سب کو پتہ چل گیا کہ یہ محب وطن نہیں ہے بلکہ یہ وہ 9 مئی کے واقعہ میں ملوث لوگ ہیں جو پاکستان کو توڑنا چاہتے تھے اور یہ وہ مکروہ چہرے ہیں جو پاکستان کے خلاف نعرہ لگاتے ہیں یہ وہ مکروہ چہرے ہیں جو کرنل شیر کے پتلے کو پاں تلے روندنے کی کوشش کرتے ہیں۔

فرض شناس افسران

کالم نگار ذیشان مغل

ایس ایس پی آپریشنز رضوان طارق کا شمار محکمہ پولیس کے فرض شناس افسران میں ہوتا ہے رضوان طارق ایک منجھے ہوئے پولیس آفیسر ہیں انہوں نے عوام کو انصاف کی فراہمی کے لیے ہر وقت خود کو وقف کر رکھا ہے وہ اپنی ڈیوٹی کو نہایت ایمانداری سے سرانجام دیتے ہیں جس کی وجہ سے جہاں یہ تعینات ہوتے ہیں اس ضلع میں جرائم میں کافی حد تک کمی واقع ہو جاتی ہے لوگوں کو انصاف ان کی دہلیز پر پہچانا ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے سائلین کے ساتھ ان کا رویہ نہایت ہی دوستانہ ہوتا ہے سائلین کے لیے ان کے دفتر کے دروازے ہر وقت بغیر پرچی سسٹم کے کھلے ہیں ایس ایس پی آپریشنز رضوان طارق جیسے بہادر نڈر جرات مند انصاف پسند اور ضلع کی عوام کی جان و مال کے تحفظ کرنے والے پولیس افسران بہت کم ہی پولیس محکمہ میں ملتے ہیں یہ اپنے تئیں فیصلے میرٹ اور انصاف پر کرنے میں خاصی شہرت رکھتے ہیں کریمنلز کو کیفر کردار تک پہچانے کے لیے تمام تر وسائل کو بروئے کار لا کر قانون کے مطابق سزا دلوانے کے لیے ہمہ وقت جہدوجہد کرتے ہیں ضلع گوجرانولہ میں آمن وامان کی صورتحال کو بہتر بنانے کیلئے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کر رہے ہیں اور کارگزاریوں کے میدان میں بہت تیزی کے ساتھ آگے بڑھ رہے ہیں ان کا تجربہ اور ایمانداری گوجرانوالہ کے لوگوں کے لیے ایک مثبت تبدیلی ہے ان کا تجربہ اور ایمانداری گوجرانوالہ کے لوگوں کے لیے ایک مثبت تبدیلی ہے ایس ایس پی آپریشنز رضوان طارق صاحب وہ انتھک پولیس آفیسر ہیں جنہیں چوبیس گھنٹے جب بھی کال کی جائے فی الفور نمبر ریسو کرتے ہیں جن کے بارے میں محکمہ کے جونیئر سے سینئر افسران تک تعریف کرتے ہیں اور صحافی برادری کے ساتھ ہمیشہ دوستانہ تعلقات رکھتے ہیں اگر آج گوجرانوالہ کے لوگوں کو سکون کی فضا n دیکھنے کو ملی ہے اور سکون کی زندگی گزار رہے ہیں یہ ان پولیس افسران کا کمال ہے کہ نہ وہ دن کو آرام کرتے ہیں اور نہ ہی رات کو وہ ہماری حفاظت پر چوبیس گھنٹے اپنی ڈیوٹی پر مامور ہوتے ہیں ایسے بہادر پولیس افسران کو میں سلام پیش کرتا ہوں جو اپنی وردی کا حق ادا کر رہے ہیں پنجاب پولیس زندہ باد پاکستان پائندہ باد

شہدِ افلسطین کو سلام

تحریر: قاضی عامر محمود

جیسا کہ آپ سب جانتے ہیں، فلسطین اس وقت مکمل تباہی کا شکار ہے، خصوصا غزہ کا شہر کھنڈر بن چکا ہے۔ اب تک کی اطلاعات کے مطابق شہدا کی تعداد 51000 سے تجاوز کر چکی ہے جبکہ زخمیوں کی تعداد 150000 ہے۔ خوراک کی عدم فراہمی کی وجہ سے تقریبا 550000 افراد موت کے دہانے پر ہیں۔ ان تمام مظالم کے باوجود حماس اور دیگر مزاحمتی گروہ مسلسل دشمن کو جواب دے رہے ہیں۔ ایک طرف جدید ترین ہتھیار، اور دوسری طرف محدود وسائل اور اسلحہ، لیکن جہاد کا جذبہ اور شہادت کا شوق جنگ کو یک طرفہ نہیں ہونے دے رہا۔ بلاشبہ اسرائیل اور اس کے اتحادی غالب ہیں، لیکن فلسطینیوں کی جانب سے ایسا جواب دیا جا رہا ہے جو دشمن کے لیے خوف کی علامت بن چکا ہے۔ یہودیوں ابھی وقت ہے تمہارا ظلم کر لو ہم بھی آئیں گے میدان میں تیاری کر لو ان تمام مصیبتوں کے باوجود وہاں کے لوگوں کے حوصلے بلند ہیں۔ یقین کریں، انہوں نے اللہ کی رضا کی خاطر اپنی جان، مال، عزت، اولاد اور دنیاوی آسائشیں قربان کر دی ہیں۔

میں آپ سب کی طرف سے، تمام پاکستانی قوم کی جانب سے، فلسطین کے شہدا اور غازیوں کو سلام پیش کرتا ہوں۔ اللہ تعالی ان کو عزت و تکریم سے نوازے۔ تصور کریں کہ آسمان پر کیسا روح پرور منظر ہو گا جب فلسطینی شہدا کا فرشتے استقبال کر رہے ہوں گے۔ یہ یقیناً ان کی عظیم خوش نصیبی ہے۔ عرش والے فلسطینیوں کی توقیر سلامت رکھنا فرش والے فرعونوں سے لڑ پڑے ہیں اسرائیل، امریکہ اور ان کے اتحادیوں کی جانب سے اتنے ظلم کے باوجود، فلسطینی پیچھے نہیں ہٹے۔ بلکہ الٹا دشمن کو بھاری نقصان پہنچا رہے ہیں۔ ان ظالموں نے یہ سمجھا تھا کہ مسلمان دنیاوی لالچ میں ڈوب چکے ہیں، لیکن انہیں اب اندازہ ہو چکا ہے کہ جب مسلمان بیدار ہو جائیں تو زمین بھی ان ظالموں کو پناہ نہیں دے گی۔ درخت بھی پکار اٹھیں گے کہ "یہاں دشمن چھپا ہوا ہے"۔

بحیثیت مسلمان، مجھے اپنے رب عزوجل پر کامل یقین ہے کہ ہم ایک دن یکجا ہوں گے اور بیت المقدس کو فتح کریں گے، جس طرح حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ اور مجاہد اسلام صلاح الدین ایوبی رحم اللہ علیہ نے کیا تھا۔ مجھے یقین ہے کہ مسلمانوں کی فتح کا سورج طلوع ہونے کو ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالی ہمیں بھی وہ دن دیکھنے کی سعادت عطا فرمائے۔ آمین، یا رب العالمین۔

پوری قوم مشترکہ دشمن کے خلاف متحد ہے

تحریک انصاف کے بانی چیئرمین عمران خان نے خطے میں جنگ جوئی کا ماحول پیدا کرنے اور ماضی کی طرح پہلگام سانحہ کے بعد بھارت کی طرف سے پاکستان پر بے بنیاد الزام تراشی کو مسترد کیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ سیاسی اختلافات کے باوجود پوری قوم مشترکہ دشمن کے خلاف متحد ہے۔ عمران خان کا یہ بیان ان کے ایکس اکاونٹ پر جاری ہوا ہے۔ حیرت انگیز طور پر قومی میڈیا میں اسے مناسب طور سے پیش نہیں کیا گیا۔ عمران خان کے بیان کا یہ پہلو خوش آئند ہے کہ انہوں نے بھارتی جارحانہ رویہ اور پاکستان پر الزام تراشی کی پرزور الفاظ میں مذمت کی ہے۔ انہوں نے پہلگام واقعے میں انسانی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پہلگام واقعے کے بعد تحقیقات کی بجائے مودی سرکار ایک بار پھر پاکستان پر الزام لگا رہی ہے۔ انہوں نے یاد دلایا کہ جب 2019 میں پلوامہ فالس فلیگ آپریشن کا واقعہ پیش آیا تھا، اس وقت بھی پاکستان نے بھارت کو ہر ممکن تعاون کی پیشکش کی تھی لیکن انڈیا کوئی ٹھوس ثبوت پیش کرنے میں ناکام رہا تھا۔ عمران خان کا کہنا ہے کہ تحقیقات کے بجائے مودی سرکار ایک بار پھر پاکستان کو موردالزام ٹھہرا رہی ہے۔ ڈیڑھ ارب کی آبادی والا ملک ہونے کے ناتے انڈیا کو نیوکلیئر فلیش پوائنٹ کہلائے جانے والے اس خطے کے ساتھ کھلواڑ کرنے کے بجائے، ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ اس بیان میں تحریک انصاف کے بانی نے اگرچہ گزشتہ سال ہونے والے انتخابات میں دھاندلی اور ملک پر جعلی حکومت مسلط کرنے کا ذکر کیا ہے لیکن اس کے ساتھ ہی واضح کیا ہے کہ ہم اس جعلی حکومت کے خلاف ہیں لیکن مودی کی جنگ جوئی کی شدید مذمت کرتے ہیں جس کے ذریعے وہ علاقے کے امن کو خطرے میں ڈالنے پر تلے ہوئے ہیں۔ عمران خان کا کہنا ہے کہ اس نازک وقت میں ریاست کی سیاسی استحصال پر حد سے زیادہ توجہ داخلی تقسیم کو گہرا کر رہی ہے۔ اس کے نتیجے میں قوم کی بیرونی خطرات سے نمٹنے کی اجتماعی صلاحیت کمزور ہو رہی ہے۔ انہوں نے اپیل کی کہ ان تمام اقدامات کو روکا جائے جو ملک میں تقسیم کا سبب بن رہے ہیں۔ پاکستان کو اس وقت بھارت کی طرف سے حملے کا شدید اندیشہ ہے۔ سرحد کے دونوں طرف تجزیہ نگار یہ اندازے قائم کر رہے ہیں کہ اگر امریکہ یا دیگر ملکوں کے اثر و رسوخ سے موجودہ کشیدگی کم نہ ہو سکی تو بھارت کی طرف سے پاکستان کے خلاف کسی بڑی جنگ کا خطرہ موجود ہے۔ پاکستان کے وزیر دفاع خواجہ آصف اور وزیر اطلاعات عطا تارڑ ایسے حملے کا اندیشہ ظاہر کرتے ہوئے کہہ چکے ہیں کہ تین چار دن میں کوئی بڑا وقوعہ ہو سکتا ہے۔ اس وقت سب سے زیادہ تشویش کا پہلو یہ ہے کہ قیاس آرائیوں کے مطابق مودی حکومت 2019 کے برعکس نام نہاد سرجیکل اسٹرائیک تک محدود نہیں رہے گی بلکہ



حرف رواں
تحریر
ڈاکٹر محمد عمران

اس کی طرف سے کس بڑے حملے کا اندیشہ ہے۔ یہ خطرہ موجود ہے کہ بھارتی فوج آزاد کشمیر میں کسی بڑے علاقے پر قبضہ کرنے کی کوشش کرے۔

پاکستانی فوج کو اگر کسی محاذ پر واضح پسپائی پر مجبور ہونا پڑا اور آزاد کشمیر یا پاکستان کے بڑے علاقے پر بھارت نے قبضہ کرنے کی کوشش کی تو یہ صورت حال محدود رینج کے جوہری ہتھیار استعمال کرنے کا سبب بن سکتی ہے۔ پاکستان ایسے کسی معاہدے پر دستخط سے گریز کرتا رہا ہے جس میں پہلے جوہری ہتھیار استعمال نہ کرنے کا وعدہ کیا جائے۔ پاکستانی فوج اور حکومت بھارت کے مقابلے اپنی قلیل دفاعی صلاحیت سے آگاہ ہے، اس لیے جوہری ہتھیاروں کو حتمی ریزسٹنٹ سمجھا جاتا ہے۔ بدقسمتی سے بھارت کی طرف سے جو جنگی نعرے بلند ہو رہے ہیں، ان میں اس المناک حقیقت کو نظر انداز کیا جا رہا ہے۔ ڈپٹی وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے آئی ایس پی آر کے ڈائریکٹر جنرل کے ساتھ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ پاکستان دہشت گردی کی مذمت کرتا ہے اور اس کی پوری ہمدردیاں پہلگام کے سانحہ میں ہلاک ہونے والوں کے ساتھ ہیں لیکن بھارتی دعووں کے برعکس پاکستان اس وقوعہ میں ملوث نہیں ہے۔ بھارت کو چاہیے کہ وہ اس سانحہ کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائے تا کہ یہ تنازعہ ایٹمی صلاحیت کے حامل دو ملکوں کے درمیان کسی مسلح جھڑپ کا سبب نہ بنے۔ انہوں نے واضح کیا کہ بھارت کی جانب سے کسی بھی قسم کی جارحیت کی صورت میں پاکستان اپنے دفاع کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ پاکستان کشیدگی بڑھانے میں پہل نہیں کرے گا تاہم اگر بھارت نے کوئی کارروائی کی تو بھرپور جواب دیا جائے گا۔ پاکستان موجودہ صورتحال سے بخوبی آگاہ ہے، ہماری افواج الرٹ، مضبوط اور چوکس ہیں۔ ہم اپنے منتخب وقت اور مقام پر مناسب اور فیصلہ کن ردعمل دیں گے۔

اسحاق ڈار نے پہلگام سانحہ اور بھارتی حکومت کے طرز عمل کے بارے میں چند سوال پوری دنیا کے سامنے پیش کیے اور کہا کہ ان کے جواب مانگنے چاہئیں۔ انہوں نے پوچھا کہ کیا یہ وقت نہیں کہ پاکستان سمیت دنیا بھر میں بھارت کی جانب سے شہریوں کے قتل کا احتساب کیا جائے؟ کیا یہ ضروری نہیں کہ بین الاقوامی کمیونٹی متاثرہ خاندانوں سے ہمدردی رکھنے کے باوجود بھارتی جارحیت کی حمایت سے گریز کرے؟ کیا ایسا نہیں کہ بھارت ایک ملک پر فوجی مہم جوئی کے لیے پراپیگنڈا کر رہا ہے؟ کیا بھارت کی جانب سے عالمی قوانین کو نظر انداز کرنے اور عالمی ذمہ داریوں کے متعلق غیر سنجیدہ رویے سے خطے کی صورتحال خراب نہیں ہوگی؟ کیا یہ وقت نہیں کہ بین الاقوامی کمیونٹی بھارت کی مذمت کرے اور اسے اسلاموفوبیا اور مذہبی نفرت کی بنیاد پر لوگوں کو نشانہ بنانے سے روکے؟ ہم یہ حقیقت جھٹلا نہیں سکتے ہیں کہ بھارت کی جارحانہ سوچ سے خطے میں ایٹمی طاقتوں کے ٹکراو کے خطرناک اور تباہ کن نتائج ہو سکتے ہیں۔

پریس کانفرنس میں آئی ایس پی آر کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ





صاحبزادہ فرحان کو قومی ٹی ٹوئنٹی سکواڈ میں رکھا جائے، سہیل تنویر

دونوں کھلاڑی جب تک تیز کھیلنا شروع کرتے ہیں، بہت دیر ہو چکی ہوتی ہے، سابق فاسٹ بولر



لاہور (آئی این پی) پاکستان کے سابق فاسٹ بالر سہیل تنویر نے بابر اعظم اور محمد رضوان دونوں کو پاکستان کی ٹی ٹوئنٹی لائن اپ میں ایک ساتھ کھیلنے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ٹیم بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرے گی اگر ان میں سے صرف ایک کو شامل کیا جائے اور دوسری جگہ زیادہ جارحانہ بلے باز کو لانے پر غور کرنا چاہیے

دونوں باصلاحیت ہیں، ان کے ایک جیسے کھیلنے کے انداز اکثر ٹی ٹوئنٹی میچوں میں ست آغاز کا باعث بنتے ہیں۔ تیز رفتار T20 فارمیٹ میں ست شروعات ٹیم کو دبا میں ڈال سکتی ہے اور بعد میں اسے پکڑنا مشکل بنا سکتا ہے۔ سہیل تنویر نے نشاندہی کی کہ اگرچہ دونوں کھلاڑی اننگز آگے بڑھانے کے ساتھ ہی اپنے اسکورنگ کی شرح میں اضافہ کرتے ہیں تاہم تب تک اکثر کھیل کے نتائج کو تبدیل کرنے میں بہت دیر ہو جاتی ہے۔ انہوں نے مشورہ دیا کہ پاکستان کو ان میں سے کسی ایک کی جگہ صاحبزادہ فرحان جیسے ہارڈ ہٹ بلے باز کو لانے پر غور کرنا چاہیے

پہلگام واقعہ پر آفریدی کا ایک بیان؛ بھارتیوں کی نیندیں حرام کر گیا

سابق کپتان کے بیان پر جواب دینا بھارتی باکسر کو مہنگا پڑ گیا، رپورٹ



اسلام آباد (این این آئی) پہلگام واقعہ پر قومی ٹیم کے سابق کپتان شاہد آفریدی کے بیان پر سابق کرکٹر شکیھر دھون اور ملک مخالف بیانات کیلئے مشہور دانش کنیریا کے بعد انڈین باکسر بھی میدان میں آ گئے۔ گزشتہ دنوں سابق کپتان شاہد آفریدی نے پہلگام واقعے پر بھارتی فوج کی ناکامی کا ذکر کیا تو بھارتی میڈیا اور کرکٹرز کو آگ لگ گئی، جس کے بعد انتہا پسند نریندر مودی کی حکومت نے انکا یوٹیوب چینل بھی بند کر دیا، اب ہزیمت کے شکار بھارت نے اپنے باکسر کو بھی پاکستان مخالف بیان دینے پر مجبور کر دیا۔ قبل ازیں پہلگام واقعہ پر بھارتی فوج کی ناکامی پر سوال اٹھاتے ہوئے سابق کپتان شاہد آفریدی نے کہا تھا کہ وہاں پر پٹاخہ بھی پھٹ جائے تو پاکستان پر نام لگا دیا جاتا ہے، مقبوضہ کشمیر میں 8 لاکھ بھارتی فوج ہونے کے باوجود یہ واقعہ ہو گیا

مریم نفیس اپنے ننھے عیسیٰ کو کھیل کے میدان میں لے آئیں

یہ تصاویر اسلام آباد یونائیٹڈ اور لاہور قلندر کے درمیان میچ کے بعد لی گئیں



لاہور (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف خوبرو اداکارہ مریم نفیس اپنے ننھے سے بیٹے عیسیٰ کو پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے میدان میں لے آئیں۔ سوشل میڈیا پر اداکارہ مریم نفیس کی بیٹے عیسیٰ اور شوہر ارمان احمد کے ہمراہ متعدد تصویریں وائرل ہیں۔ یہ پہلا موقع ہے کہ جب اداکارہ اپنے بیٹے کو عوام مقام پر مداحوں کے سامنے لائیں۔ ان تصویروں میں اداکارہ کو شوہر کے ساتھ سیاہ رنگ کے لباس میں ٹوئننگ کرتے دیکھا جا سکتا ہے۔ مریم نفیس نے اس دوران سیاہ کپڑے کی مدد سے اپنا ننھا سا بیٹا منفرد انداز میں اپنی کمر کے ساتھ باندھا ہوا ہے جسے مداح دیکھ کر ان کے اس انداز کی تعریفیں کر رہے ہیں۔ ایک تصویر میں مریم نفیس کے ساتھ ان کے قریبی دوست، قومی کرکٹر اور پاکستان سپر لیگ کی فرنچائز اسلام آباد یونائیٹڈ کے کھلاڑی اعظم خان کو بھی دیکھا جا سکتا ہے۔ یہ تصاویر اسلام آباد یونائیٹڈ اور لاہور قلندر کے درمیان میچ کے بعد لی گئیں۔

اپنی یکطرفہ محبت کو اکثر سوشل میڈیا پر سٹاک کرتی ہوں، عائشہ گل

خاموشی سے کسی سے محبت کرنے، خیر خواہ بننے میں کوئی برائی نہیں ہے، نجی ٹی وی پروگرام میں گفتگو



کراچی (این این آئی) اداکارہ عائشہ گل نے کہا ہے کہ یکطرفہ محبت کسی بھی رشتے میں ہو سکتی ہے اور خاموشی سے کسی سے محبت کرنے اور اس کا خیر خواہ بننے میں کوئی برائی نہیں ہے۔ نجی ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے یکطرفہ محبت کے سوال پر عائشہ گل نے کہا کہ میرا ماننا ہے یکطرفہ محبت ہوتی ہے اور اس میں کوئی برائی نہیں ہے اور مجھے بھی ہوئی ہے۔ اداکارہ نے بتایا کہ میں انہیں سوشل میڈیا پر فالو کرتی ہوں اور کبھی کبھی انہیں اسٹاک بھی کرتی ہوں لیکن میں نے انہیں کبھی بتایا نہیں کہ مجھے ان سے محبت ہے۔ انہوں نے بتایا کہ میں صرف یہ چاہتی ہے کہ وہ خوش رہیں، میں انہیں خوش دیکھ کر ہی خوش ہوں۔ عائشہ گل نے انکشاف کیا کہ مجھے اپنی زندگی میں زیادہ تر اچھے لوگ ہی ملے ہیں تو میں یہ نہیں کہہ سکتی کہ میرا دل ٹوٹا، میں زندگی میں ایک بڑے نقصان سے گزری ہوں۔

ہانیہ عامر نے خود سے منسوب وائرل انسٹا پوسٹ کو جعلی اور من گھڑت قرار دیدیا



کراچی (آئی این پی) معروف اداکارہ ہانیہ عامر نے بھارتی پروپیگنڈے پر لب کشائی کرتے ہوئے وائرل انسٹاگرام پوسٹ کو جعلی اور من گھڑت قرار دے دیا

پاکستان کے خلاف جعلی سوشل میڈیا پوسٹ پر ہانیہ عامر کے نام سے وائرل ہوئی، جس نے سرحد کے دونوں جانب عوام کو حیرت میں ڈال دیا لیکن اب ہانیہ نے اپنے تصدیق شدہ انسٹاگرام اکاؤنٹ کی اسٹوری میں بتایا کہ حال ہی میں میرے نام سے ایک بیان منسوب کیا جا رہا ہے جو سوشل میڈیا پر تیزی سے پھیل رہا ہے،

ادا کارہ کومل میر نے گریجویشن کر لی

لندن کے کالج سے گریجویشن کی ڈگری حاصل کرنے کی تصاویر اور ویڈیوز وائرل



لاہور (شوبز رپورٹر) ماڈل و اداکارہ کومل میر کی جانب سے لندن کے کالج سے گریجویشن کی ڈگری حاصل کرنے کی تصاویر اور ویڈیوز وائرل ہو گئیں۔ اداکارہ نے انسٹاگرام پر لندن کے کالج میں ہونے والی تقریب کی ویڈیوز اور تصاویر شیئر کرتے ہوئے بتایا کہ انہوں نے گریجویشن مکمل کر لی ہے، اداکارہ کی جانب سے شیئر کردہ ویڈیوز اور تصاویر میں انہیں یونیورسٹی کے ہونے والے کانووکیشن میں دیکھا جا سکتا ہے۔ اداکارہ کی جانب سے شیئر کردہ متعدد مختصر ویڈیوز اور تصاویر میں انہیں کانووکیشن میں ڈگری کی وصولی کے لیے اسٹیج پر بھی دیکھا جا سکتا ہے

شہناز گل نے صبر، برداشت اور نرم و مہربان مزاج کو اپنی زندگی کا اصول قرار دیدیا



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ شہناز گل جنھوں نے اپنا ہندی فلمی کیریئر 2023 کی سلمان خان کی فلم کسی کا بھائی کسی کی جان سے شروع کیا، اب اپنی زندگی میں ایک کے بعد ایک کامیابی حاصل کر رہی ہیں۔ حال ہی میں انھوں نے ایک پرتعیش مرسڈیز جی ایل ایس خریدی ہے اور اس حوالے سے انسٹاگرام پر ایک پیارا سا پوسٹ ڈیٹ دیا۔ چندی گڑھ پنجاب سے تعلق رکھنے والی 31 سالہ شہناز اپنے خاندان، پرستاروں، دوستوں اور خدا سے اظہار تشکر کا کبھی کوئی موقع مس نہیں کرتیں۔

مجھے نہیں پتہ پاکستان بھارت کا کیا ہو رہا ہے، محمد رضوان

لاہور قلندرز کا جوش الگ ہے، کوئٹہ نے مومنٹم پکڑا ہوا ہے، کپتان ملتان سلطان



لاہور (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کی ٹیم ملتان سلطانز کے کپتان محمد رضوان نے کہا ہے کہ کرکٹ میں سیاست نہیں ہونی چاہیے، مجھے نہیں پتہ پاکستان بھارت کا کیا ہو رہا ہے، میں سوشل میڈیا نہیں دیکھتا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے محمد رضوان نے کہا کہ ہم جب دبئی ایئرپورٹ پر جاتے ہیں تو ہم کرکٹ فیملی کی طرح ملتے ہیں، ان دونوں کھلاڑیوں سے سیکھتے ہیں، ہم بھی انھیں بتاتے ہیں۔ ملتان سلطانز کے کپتان نے کہا کہ کنڈیشنز کے مطابق ٹیم کا انتخاب کیا جاتا ہے، سب ٹیموں نے اسپنرز کا انتخاب کیا ہے ہم ٹورنامنٹ سے باہر ہو چکے، باہر ہونے کے ہم حقدار تھے، غلطیاں تو ہوئی ہیں، فیلڈنگ میں مومینٹم نہیں حاصل کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ٹیم کا دباؤ ہے میں ٹیم کا کپتان ہوں لوگ دیکھ رہے ہیں اور اس کا دباؤ ہے، ملتان ٹیم کا دباؤ بھی ہے ہمیں یہ دباؤ لینا چاہیے، اپنی غلطیوں کو دور کرنا چاہیے۔ ملتان سلطانز کے کپتان نے کہا کہ کہا جاتا ہے ہمیں ماڈرن ڈے کرکٹ کھیلنا چاہیے لیکن کنڈیشنز کا کیا کریں،

لوگوں کی باتوں پر کان نہیں دھرتا، کھیل پر فوکس کرتا ہوں، سلمان علی آغا



لاہور (آئی این پی) اسلام آباد یونائیٹڈ کے آل راؤنڈر سلمان علی آغا نے کہا ہے کہ میں یہ نہیں سنتا کہ لوگ کیا کہتے ہیں، کھیل پر فوکس کرتا ہوں۔ سلمان علی آغا نے میڈیا سے گفتگو کے دوران کہا کہ میں وہی رزنز کرنے کی کوشش کرتا ہوں جو ٹیم کے کام آئیں اور ٹیم جیتے، اسلام آباد یونائیٹڈ کا ماحول بہت اچھا ہے اور یہی فتوحات میں مسلسل کی وجہ ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہر میچ نیا میچ ہوتا ہے، اس کو اسی کے مطابق کھیلنے کی کوشش کریں گے، لوگوں کی رائے کو عزت دیتا ہوں

پاکستان گرلز انڈر 12 ٹینس ٹیم کا چناؤ مکمل، جونیئر ٹیم سری لنکا میں انٹرنیشنل ٹورنامنٹ میں حصہ لے گی

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان ٹینس فیڈریشن نے سری لنکا میں منعقد ہونیوالے گرلز انڈر 12 انٹرنیشنل ٹورنامنٹ کیلئے قومی جونیئر ٹیم کا چناؤ مکمل کر لیا۔ تفصیل کے مطابق گرلز انڈر 12 کیٹیگری کیلئے تین روزہ ٹرائلز میں ملک بھر سے نوجوان پلیرز نے حصہ لیا جس کے بعد خدیجہ خلیل، ایمن رحمان اور شاہنور عمر کو پاکستان جونیئر انڈر 12 ٹیم کیلئے منتخب کیا گیا۔ نوجوان کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی اور تعریف کے لیے پنجاب لان ٹینس ایسوسی ایشن کے سینئر نائب صدر اور سابق ڈیوس کپ کپتان راشد ملک نے منتخب کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی بھی کی۔

محمد عامر ایک بار پھر ایسیکس کاؤنٹی کا حصہ بن گئے



لاہور (آئی این پی) مایہ ناز فاسٹ بولر محمد عامر کو ایک بار پھر انگلش کاؤنٹ ایسیکس نے اپنی ٹیم کا حصہ بنالیا، وہ رواں سال بلاسٹ ٹی 20 میں کاؤنٹی کی نمائندگی کرینگے۔ کرکٹ ویب سائٹ کے مطابق محمد عامر ایک بار پھر ایسیکس کاؤنٹی کے اسکواڈ کا حصہ بن گئے، قومی ٹیم کے سابق فاسٹ بولر بلاسٹ ٹی 20 میں ایسیکس کی نمائندگی کریں گے۔ تجربہ کار فاسٹ بولر محمد عامر 2017 سے 2019 تک تین سیزن ایسیکس کیلئے کھیل چکے ہیں، عامر نے ایسیکس کی جانب سے 21 میچز میں 24 وکٹیں حاصل کیں، 2019 میں عامر کی کارکردگی کے دوران ایسیکس نے ٹی 20 بلاسٹ اور کاؤنٹی چیمپئن شپ جیتی تھی۔

ویمن ٹی ٹین لیگ کیلئے کمیٹیاں تشکیل دیدی گئیں

راولپنڈی (این این آئی) وائی ایس ایل ویمن ٹی ٹین لیگ 2025ء کے انتظامات کو حتمی شکل دینے اور کھلاڑیوں کو بہترین سہولیات کی فراہمی کیلئے مختلف کمیٹیاں تشکیل دیدی گئیں۔ یوتھ ایجوکیشن اینڈ سپورٹس ویلفیئر سوسائٹی (رجسٹرڈ) راولپنڈی کے نائب صدر و ڈائریکٹر ٹورنامنٹ نوید قریشی کی زیر صدارت خصوصی اجلاس لیاقت باغ سپورٹس کمپلیکس میں ہو

سپورٹس گالا کرکٹ ٹورنامنٹ، قصور، ننکانہ نے اپنے میچز جیت لئے

سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی قیادت میں آرگنائزنگ کمیٹی کی انتھک کوششوں کو سراہا گیا



لاہور (سپورٹس ڈیسک) سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ گورنمنٹ آف پنجاب کے منعقدہ سپورٹس گالا کرکٹ ٹورنامنٹ 25 اور 28 اپریل 2025 کو بمقام گورنمنٹ ہائی سکول آرائیاں، تحصیل رائیونڈ، ضلع لاہور میں سنسنی خیز مقابلے دیکھنے کو ملے۔ ابتدائی طور پر ضلع قصور نے 25 اپریل کے فائنل میچ میں شیخوپورہ کو 64 رنز سے شکست دی، اس نے 10 اوورز میں 181/7 کا اسکور کیا۔ تاہم، شیڈول میں ترمیم کی وجہ سے، ضلع ننکانہ صاحب نے 28 اپریل کو شیخوپورہ کا سامنا کیا اور 10 اوورز میں 139/1 سکور کرتے ہوئے 37 رنز سے فائنل میں کامیابی حاصل کی۔ البتہ ڈویژن لاہور ٹیم کے لیے حتمی نمائندگی کا فیصلہ نہیں ہوا۔ امتیاز احمد اعوان، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (M E E)، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی لاہور، غلام مصطفیٰ احمدانی، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر، تحصیل شالیمار لاہور، اور مبشر شہزاد، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر تحصیل رائیونڈ نے ٹیموں کو ان کی شاندار کارکردگی پر مبارکباد دی، ان کے کھیل اور مہارت کو سراہا۔ میچ ریفری دلشاد حسین شاہ اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر تحصیل شالیمار لاہور کو میچوں کے منصفانہ اور خوش اسلوبی سے انعقاد کو یقینی بنانے پر خصوصی تعریف کی گئی۔ سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی قیادت میں آرگنائزنگ کمیٹی کی انتھک کوششوں کو سراہا گیا۔

آئی پی ایل میں سنچری بنانیوالے 14 سالہ بھارتی کرکٹر کی عمر پر سوال اٹھ گئے، پرانا بیان وائرل

ممبئی (این این آئی) انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) میں سنچری بنانے والے 14 سالہ بھارتی کرکٹر ویبھو سوریا ونشی کی عمر پر سوال اٹھ گئے۔ گزشتہ دنوں آئی پی ایل میں راجستھان رائلز کے کم عمر ترین کھلاڑی ویبھو سوریا ونشی نے کرکٹ کی دنیا میں تہلکہ مچایا اور 14 سال کی عمر میں سنچری اسکور کر کے نئی تاریخ رقم کی۔ نوجوان کھلاڑی نے گجرات ٹائٹنز کے خلاف 35 گیندوں پر سنچری بنا کر نا صرف آئی پی ایل بلکہ کسی بھی بھارتی کی جانب سے تیز ترین ٹی ٹوئنٹی سنچری کا ریکارڈ قائم کر دیا۔

اسموگ کو کرو آل آؤٹ، قلندرز کا لائمنٹ ایکشن پلان کا حصہ بن گئی

لاہور (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کی فرنچائز لاہور قلندرز کی ٹیم کا لائمنٹ ایکشن پلان کا حصہ بن گئی۔ لاہور قلندرز اسموگ کو کرو آل آؤٹ مہم کے تحت کا لائمنٹ ایکشن پلان کا حلف اٹھانے والی پہلی ٹیم بن گئی۔ پنجاب کی سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے لاہور قلندرز کی ٹیم سے حلف لیا جس کے بعد قلندرز کی ٹیم نے کھیل کی دنیا میں ماحولیاتی ذمہ داری اٹھا کر ایک نیا ہ داری کو قبول کرنے کا عہد کرنے کے ساتھ پانی کے تحفظ، وسائل کے موثر استعمال کو فروغ دینے اور آب و ہوا کے مسائل کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کا بھی عہد کیا۔

جاوید اختر کو پاکستانی فنکاروں پر پابندی کا بیان مہنگا پڑ گیا

مشی خان اور منشا پاشا نے جاوید اختر کو متنازع بیان پر آڑے ہاتھوں لے لیا



ممبئی (این این آئی) بھارت کے معروف کہانی کار اور نغمہ نگار جاوید اختر نے گزشتہ روز پاکستانی فنکاروں پر بھارت میں پابندی کے حق میں بیان دیا تھا۔ جس پر اداکارہ مشی خان نے جاوید اختر کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ کی سوچ جان کر افسوس ہوا۔ انھوں نے جاوید اختر کو یاد دلایا کہ جب آپ پاکستان آئے تھے تو کتنی عزت دی گئی، بڑے بڑے فنکار آپ کے قدموں میں بیٹھ گئے تھے۔ اداکارہ مشی خان نے کہا کہ آج آپ کی اصلیت سامنے آ گئی، آپ سخت دل اور چھوٹی سوچ کے مالک ہیں۔ مشی خان نے کہا کہ پاکستانی فنکاروں کو بھارت میں کام کرنے میں کوئی دلچسپی بھی نہیں ہے، کوئی پابندی لگاتا ہے تو لگائے۔ ہمیں فرق نہیں پڑتا۔ اداکارہ منشا پاشا نے بھی جواب اختر کو جواب دیتے ہوئے کہا کہ ایمانداری کی بات یہ ہے کہ قصور ہمارا ہی ہے۔

مونی رائے کا خود کو بھوتنی اور ناگن کہہ کر مذاق اڑانے پر ردعمل

آپ کسی کو بیوقوف نہیں بنا سکتے لیکن اگر آپ اس کردار کی دنیا پر یقین کرتے ہیں،



ممبئی (آئی این پی) بھارتی اداکارہ مونی رائے نے خود کو بھوتنی اور ناگن کہہ کر مذاق اڑانے پر ناقدین کو جواب دے دیا۔ مونی رائے اپنی فینٹسی کرداروں کی وجہ سے سوشل میڈیا پر اکثر ناگن اور بھوتنی جیسے القابات کا سامنا کرتی ہیں۔ اپنی آنے والی فلم بھوتنی کی تشہیر کے دوران مونی رائے نے ایک انٹرویو میں کہا کہ جب آپ کسی تاریخی یا فینٹسی کردار کو نبھاتے ہیں، تو اگر آپ کو خود یقین نہ ہو، تو آپ ناظرین کو قائل نہیں کر سکتے، آپ کسی کو بیوقوف نہیں بنا سکتے لیکن اگر آپ اس کردار کی دنیا پر یقین کرتے ہیں، اس کی زندگی کو سچائی سے جیتے ہیں، تو لوگ آپ سے جڑ جاتے ہیں۔ مونی نے واضح کیا کہ وہ ان ناموں یا مذاق سے بالکل پریشان نہیں ہوتیں بلکہ خوش ہیں کہ لوگوں نے ان کے کام سے تعلق قائم کیا۔

فہد مصطفیٰ نے ندایاسر کے شو میں شرکت نہ کرنے کی دلچسپ وجہ بتا دی



کراچی (آئی این پی) معروف اداکار و میزبان فہد مصطفیٰ نے مارننگ شو کی میزبان ندا یاسر کے پروگرام میں شرکت نہ کرنے کی دلچسپ وجہ بتا دی۔ پی ایس ایل سیزن کے دوران ایک ٹی وی چینل کے پروگرام میں فہد سے میزبان وسیم بادامی نے پوچھا کیا آپ ندا یاسر کے شو میں اس لیے نہیں جاتے کیونکہ آپ صبح دیر سے اٹھتے ہیں جس پر فہد نے مسکراتے ہوئے کہا کہ زندگی میں اتنے مارننگ شوز کر لیے

گووندا کو سب سے زیادہ میں ہنساتی ہوں، سنیتا آہوجا

گووندا اور ان کی اہلیہ سنیتا آہوجا کے درمیان علیحدگی کی افواہیں گردش کر رہی تھیں



ممبئی (نیوز ایجنسی) ویڈ کے سینئر اداکار گووندا کی اہلیہ سنیتا آہوجا نے کہا ہے کہ ہیرو نمبر ون کو ہنسانا آسان نہیں، لیکن ان کو سب سے زیادہ میں ہنساتی ہوں۔ گزشتہ کچھ عرصے سے گووندا اور ان کی اہلیہ سنیتا آہوجا کے درمیان علیحدگی کی افواہیں گردش کر رہی تھیں، تاہم حالیہ انٹرویو میں سنیتا نے نا صرف ان افواہوں کو غلط ثابت کیا بلکہ یہ بھی انکشاف کیا کہ گووندا کو سب سے زیادہ وہی ہنساتی ہیں۔ سنیتا آہوجا نے ایک انٹرویو میں کہا کہ گووندا جی کو میری فنی، میرا ایجر بہت پسند ہے،

بھارت کھسیانی بلی، بحث کی بجائے نظر انداز کر دیں، یاسر حسین



کراچی (آئی این پی) معروف اداکار یاسر حسین نے اپنی انسٹا اسٹوری پر پاکستان اور بھارت کے درمیان جاری کشیدگی کے دوران تحمل اور بردباری کا مظاہرہ کرنے کی اپیل کی ہے۔ انہوں نے اپنی انسٹا اسٹوری میں لکھا کہ پاکستان نے جیسے بھارت کے غصے کا جواب میزائل کے ذریعے دیا ہے ویسے ہی ہمیں بھارت کی جانب سے پاکستانی انٹرٹینمنٹ چینلز پر پابندی اور اداکاروں کے انسٹا اکاؤنٹس بلاک کرنے کے اقدام کو سنجیدگی سے نہیں لینا چاہیے

NATIONAL/INTERNATIONAL
نیشنل/انٹرنیشنل





واشنگٹن، ڈی سی: یوم مئی کی تعطیل کے لیے وائٹ ہاس کی طرف جاتے ہوئے 15 ویں اسٹریٹ نارتھ ویسٹ کے ساتھ مارچ کر رہے ہیں

امریکا کی ایران پر نئی پابندیوں کے بعد شیڈول مذاکرات ملتوی: ایرانی

عہد بیدار

واشنگٹن (پی ایم این) امریکا اور ایران کے درمیان شیڈول مذاکرات کا چوتھا دور ملتوی کر دیا گیا ہے اور ایرانی عہدیدار نے امریکی پابندیوں کا حوالہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ نئی تاریخ کا انحصار امریکا کے رویے پر ہوگا۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کی رپورٹ کے مطابق ایران کے سینئر عہدیدار نے بتایا کہ ہفتے کو روم میں شیڈول مذاکرات کا چوتھا دور ملتوی کر دیا گیا ہے اور اگلی تاریخ امریکا کے رویے پر منحصر ہے۔ انہوں نے بتایا کہ جوہری مذاکرات کے دوران امریکی پابندیاں دونوں ممالک کو جوہری تنازع سفارت کاری کے ذریعے حل کرنے میں معاون نہیں ہو رہی ہیں۔ ایرانی عہدیدار نے بتایا کہ مذاکرات کی اگلی تاریخ کا اعلان امریکا کے رویے کی بنیاد پر کیا جائے گا۔



انڈونیشیا: رقاص بین الاقوامی ثقافتی تقریب کے حصے کے طور پر پرفارم کر رہے ہیں۔

پاکستانی مندوب کی یو این سیکرٹری جنرل سے ملاقات؛ خطے میں کشیدگی کم کرنے پر گفتگو

پاکستان خطے میں امن و استحکام کے قیام کے لیے پرعزم ہے اور ہر ممکن سفارتی کوشش جاری رکھے گا، عاصم افتخار

نیویارک (پی ایم این) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے یو این سیکرٹری جنرل انتونیو گوتیریس سے اہم ملاقات کی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق نیویارک میں ہونے والی اس اہم ملاقات میں جنوبی ایشیا کی حالیہ کشیدہ صورت حال اور اس کے ممکنہ اثرات پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ پاکستانی مندوب نے زور دیا کہ اسلام آباد خطے میں امن و استحکام کے قیام کے لیے پرعزم ہے اور ہر ممکن سفارتی کوشش جاری رکھے گا۔ گفتگو کے دوران دونوں رہنماؤں نے کشیدگی کے خاتمے اور مسائل کے پرامن حل کی ضرورت پر اتفاق کیا۔ عاصم افتخار نے اس موقع پر بھارت کے جارحانہ رویے کو تنقید کا نشانہ بنایا اور کہا کہ نئی دہلی کی اشتعال انگیز پالیسیاں جنوبی ایشیا کے امن کے لیے خطرناک صورت اختیار کر چکی ہیں۔ پاکستانی مندوب کا مزید کہنا تھا کہ بھارت نہ صرف سیاسی مقاصد کے لیے خطرناک بیانیہ اپنا رہا ہے بلکہ علاقائی استحکام کو بھی داؤ پر لگا رہا ہے۔

امن کیلیے دونوں ہمسایہ ممالک ذمہ داری کا مظاہرہ کریں، امریکی محکمہ خارجہ

واشنگٹن (پی ایم این) امریکی محکمہ خارجہ کی ترجمان ٹیمی بروس نے پریس کانفرنس میں کہا ہے کہ جنوبی ایشیا میں امن کیلیے پاکستان اور بھارت ذمہ داری کا مظاہرہ کریں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ٹیمی بروس نے کہا کہ امریکہ پاکستان اور بھارت کے ساتھ مختلف سطحوں پر رابطے میں ہے اور خطے کی صورتحال کو بغور مانیٹر کر رہا ہے۔ ٹیمی بروس نے مزید کہا کہ دونوں ممالک کو اپنے مسائل کا ذمہ دارانہ حل نکالنا چاہیے تا کہ جنوبی ایشیا میں امن اور استحکام قائم ہو سکے۔ انہوں نے بتایا کہ امریکی وزیر خارجہ نے بدھ کو وزیر اعظم پاکستان اور بھارتی وزیر خارجہ جے شنکر سے الگ الگ بات چیت کی تھی۔ ترجمان نے یہ بھی بتایا کہ امریکہ دونوں ملکوں کی حکومتوں کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے اور ان کے درمیان بات چیت جاری رکھے گا۔ ٹیمی بروس نے ایران کے ساتھ بات چیت کے چوتھے دور کے مقام کا ابھی تک تعین نہ ہونے کا ذکر کیا اور کہا کہ یوکرین کے ساتھ اقتصادی شراکت داری دیرپا ثابت ہوگی۔ پریس کانفرنس کے دوران ٹیمی بروس نے یہ بھی کہا کہ صدر ٹرمپ کی خارجہ پالیسی کامیاب ثابت ہو رہی ہے اور ان کی انتظامیہ کو امریکی تاریخ کی سب سے شفاف انتظامیہ قرار دیا۔ جب یوکرین کے معاہدے پر روس کے ردعمل کے بارے میں سوال کیا گیا۔

باہر سے گاڑیوں کی آمد کی وجہ سے شہر کی حفاظت اور ریگولیٹری معیارات خطرے میں ہیں، رپورٹ

مانچسٹر (پی ایم این) مانچسٹر کی ٹیکسی انڈسٹری میں اصلاحات کی طرف ایک اہم قدم کے طور پر شہر کے میئر اینڈی برنہم نے گریٹر مانچسٹر سے باہر سے آنے والی ٹیکسیوں، خاص طور پر وولور ہیمپٹن سافٹن اور کسی بھی دوسرے ہارو سے لائسنس یافتہ، کو مانچسٹر میں کام کرنے سے محدود کرنے کیلئے عزم کا اظہار کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ مسئلہ مقامی رہائشیوں، کاروباری مالکان اور ڈرائیوروں کے لیے ایک تشویشناک معاملہ بن گیا ہے جو یہ سمجھتے ہیں کہ گریٹر مانچسٹر سے باہر رجسٹرڈ گاڑیوں کی آمد کی وجہ سے شہر کی حفاظت اور ریگولیٹری معیارات خطرے میں ہیں۔ مانچسٹر میں وولور ہیمپٹن ٹیکسیاں کیوں چل رہی ہیں؟ موجودہ قانون سازی کے تحت، ٹیکسی ڈرائیور مختلف دائرہ اختیار میں کام کر سکتے ہیں، بشرطیکہ ان کے پاس ایک درست لائسنس ہو۔ وولور ہیمپٹن کی نسبتاً کم لائسنسنگ فیس اور زیادہ نرم گاڑیوں کے معیارات کی وجہ سے بہت سے ڈرائیور مانچسٹر میں بنیادی طور پر کام جاری رکھتے ہوئے وہاں اپنی ٹیکسیوں کو رجسٹر کرانے پر مجبور ہیں۔ اس اقدام سے ریگولیٹری ماحول کی افادیت اور انصاف پسندی کے بارے میں سوالات اٹھائے گئے ہیں، خاص طور پر حفاظتی معائنہ اور مسافروں کے تحفظات کے حوالے سے خدشات ظاہر کیے جاتے رہے ہیں۔

پہلگام حملہ نریندر مودی کی ناقص سیاسی پالیسیوں کا نتیجہ قرار

انسداد دہشت گردی کے ماہر اجے ساہنی نے پہلگام واقعہ کو مودی حکومت کی ناکامی قرار دے دیا

نئی دہلی (پی ایم این) بھارت میں انسداد دہشت گردی کے ماہر اجے ساہنی نے پہلگام واقعہ کو مودی حکومت کی ناکامی قرار دے دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ساتھ ایشیا ٹیرارزم پورٹل کے سربراہ اجے ساہنی نے بھارتی میڈیا کو انٹرویو میں کہا کہ بھارت کی ناکام سیکورٹی پالیسی پہلگام حملے کی وجہ بنی، انہوں نے کہا کہ پہلگام حملہ نریندر مودی کی ناقص سیاسی پالیسیوں کا نتیجہ ہے۔ اجے ساہنی کا کہنا تھا کہ مودی سرکار اپنے سیاسی فائدے کیلئے جھوٹا پروپیگنڈا کر رہی ہے، بالاکوٹ اور پلوامہ سے متعلق بھی مودی سرکار کے تمام دعوے جھوٹے ثابت ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی پاکستان کیخلاف سرجیکل سٹرائیکس کے کامیاب ہونے کا ایک بھی ثبوت نہیں ہے، حقیقت میں پاکستان نے نہ صرف بھارت کا جہاز گرایا بلکہ پائلٹ بھی گرفتار کیا تھا۔ انسداد دہشت گردی کے ماہر اجے ساہنی نے مودی حکومت پر تنقید کرتے ہوئے مزید کہا کہ مودی ہر حادثے کو اپنے سیاسی

جو ملک ایران سے تیل خریدے گا اس پر پابندیاں لگائیں گے، ٹرمپ

واشنگٹن (پی ایم این) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دنیا کو ایران سے تیل کی خریداری کرنے سے روکنے کا اعلان کر دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایران پر پابندیوں سے متعلق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ جو ملک یا فرد بھی تیل یا پیٹرو کیمیکل ایران سے خریدے گا اس پر پابندیاں لگائیں گے۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ایران سے تیل کی خری

روزنامہ قوت لاہور
بانی: میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

اساتذہ ملک وقوم کا قیمتی سرمایہ اور محکمہ کے ماتھے کا جھومر ہوتے ہیں: محمد یٰسین خان بلوچ

بے لوث خدمات سرانجام دینے والے افسران معاشرہ میں باعث فخر سمجھے جاتے ہیں، باعزت ریٹائرمنٹ کسی اعزاز سے کم نہیں محکمہ جات میں باعزت سروسز امور کی فراہمی نیک نامی کا باعث ہے



عارف الا (نامہ نگار+نمائندہ قوت) شعبۂ تعلیم سے ریٹائرمنٹ پر اساتذہ کرام کے اعزاز میں الوداعی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (ایڈمن) محمد یٰسین خان بلوچ نے کہا کہ اساتذہ ملک وقوم کا قیمتی سرمایہ اور محکمہ کے ماتھے کا جھومر ہوتے ہیں، بے لوث خدمات سرانجام دینے والے افسران معاشرہ میں باعث فخر سمجھے جاتے ہیں، باعزت ریٹائرمنٹ کسی اعزاز سے کم نہیں محکمہ جات میں باعزت سروسز امور کی فراہمی نیک نامی کا باعث ہے، تمام اساتذہ اور ایجوکیشن افسران مثالی تعمیر وترقی واستحکام کو مدنظر رکھتے ہوئے قومی تعلیمی امور پر اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں بطریق احسن انداز میں انجام دیں تاکہ وطن عزیز کو ترقی یافتہ ممالک کی صف میں شامل کیا جاسکے ان خیالات کا اظہار محمد یٰسین خان بلوچ، MPA پاکپتن چوہدری محمد جاوید اقبال ایجوکیشن پاکپتن، ڈی ای او ایلیمنٹری راو محمد سلطان ودیگر اساتذہ اور محکمہ ایجوکیشن کے جملہ سٹاف نے ملک ارشاد بار اسسٹنٹ ڈائریکٹر (ایڈمن) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی کی الوداعی تقریب سلسلہ ریٹائرمنٹ کے موقع پر شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ تمام سکولوں کے اساتذہ اپنے طلباء کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے کیلئے تمام صلاحیتیں بروئے کار لاتے ہوئے اپنے فرائض منصبی ادا کرنے میں اہم رول ادا کریں تاکہ مستقبل میں یہی بچے ہمارے ملک کی باگ ڈور سنبھال سکیں اور ملک کو ترقی یافتہ ممالک کی صف میں شامل کرنے میں کوئی کسر نہ چھوڑیں ملک ارشاد بار نے کہا کہ معیاری تعلیم کے ذریعے بچوں کو اپنا مستقبل بہتر بنانے کیلئے اساتذہ بھرپور توجہ سے اپنا کردار ادا کریں جبکہ بہتر تعلیم ہر بچے کا بنیادی حق ہے تقریب کے آخر میں ضلع بھر کے تمام اساتذہ کو پیغام دیا کہ ملک وقوم کا نام روشن کرنے کیلئے اپنی ڈیوٹی فرض عین سمجھ کر ادا کریں اور بچوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کریں اس موقع پر چوہدری نائم حمید محمد حسین خلینی، MPA واہد ڈوگر، ڈاکٹر منیر احمد ڈی او سیکنڈری، چوہدری شاہد اقبال ڈپٹی ڈی او، DDEO ایلیمنٹری خواتین میاں بدر ملک عاصم رانا طارق عباد فرحان بھٹی، ڈپٹی ڈی او ذوفیہ عباسی، جیم لطف اللہ، اویس کورٹر یافتہ ممالک کی صف میں شامل کرنے میں کوئی کسر نہ چھوڑیں ملک ارشاد بار نے کہا کہ معیاری تعلیم کے ذریعے بچوں کو اپنا مستقبل بہتر بنانے کیلئے اساتذہ بھرپور توجہ سے اپنا کردار ادا کریں جبکہ بہتر تعلیم ہر بچے کا بنیادی حق ہے تقریب کے آخر میں ضلع بھر کے تمام اساتذہ کو پیغام دیا کہ ملک وقوم کا نام روشن کرنے کیلئے اپنی

ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود کی زیر صدارت پوسٹ پولیو مہم کا اجلاس منٹگمری ہال میں منعقد ہوا

اجلاس میں سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر اظہر نقوی، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر محمد طاہر چوہدری اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا اے) ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود کی زیر صدارت پوسٹ پولیو مہم کا اجلاس منٹگمری ہال میں منعقد ہوا جس میں سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر اظہر نقوی، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر محمد طاہر چوہدری اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کا مقصد گذشتہ ماہ ہونے والی پولیو مہم کا تفصیلی جائزہ لینا اور آئندہ کے لیے حکمت عملی مرتب کرنا تھا۔ اجلاس کے دوران محکمہ صحت کی جانب سے پولیو مہم کے دوران حاصل شدہ اہداف، درپیش چیلنجز، اور مہم کے دوران اپنائی جانے والی حکمت عملی پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے اجلاس میں شامل تمام اداروں اور فیلڈ سٹاف کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ انسداد پولیو مہم ایک قومی فریضہ ہے، جس میں کسی قسم کی کوتاہی ناقابل قبول ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع ساہیوال کو پولیو فری رکھنے کے لیے تمام محکمے باہمی تعاون سے اپنا کردار ادا کریں۔ ڈی ایچ او ڈاکٹر محمد طاہر چوہدری نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ مہم کے دوران مقررہ ہدف 532772 کے مطابق پانچ سال سے کم عمر تمام بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے گئے، جس میں کامیابی کا تناسب سو فیصد رہا جبکہ ہاؤس ہولڈ مہم میں پانچ سال تک کے عمر کے بچوں کی وکسین تک رسائی کی شرح 99.4 فیصد رہی۔ انہوں نے مزید بتایا کہ مجموعی طور پر ٹیموں نے مقررہ دنوں میں اپنی کارکردگی بہتر انداز میں مکمل کی اور اس سلسلے میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی نے خصوصی طور پر محکمہ صحت کا ساتھ دیا۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے امید ظاہر کی کہ ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت کی مشترکہ کوششوں سے ساہیوال جلد ملک کے پولیو فری اضلاع کی صف میں شامل ہو جائے گا۔

صحافی حق اور سچ کی آواز بن کر عوام تک اپنے قلم کے ذریعے سچائی لاتے ہیں: چوہدری محمد رمضان

عالمی یوم صحافت ڈے کے نام سے پاکستان سمیت دنیا بھر میں آزادی صحافت کا دن منایا گیا



نکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) 3 مئی عالمی یوم صحافت ڈے آج صحافت کا عالمی دن ہے اللہ رب العزت ہر صحافی کی حفاظت فرمائے جو حق اور سچ کی آواز بن کر عوام تک اپنے قلم کے ذریعے سچائی لاتے ہیں چوہدری محمد رمضان تفصیلات کے مطابق 3 مئی عالمی یوم صحافت ڈے کے نام سے پاکستان سمیت دنیا بھر میں آزادی صحافت کا دن منایا جارہا ہے اقوام متحدہ کی جانب سے 3 مئی کو ہر سال آزادی صحافت کا دن منایا جاتا ہے جس کا مقصد صحافت کے بنیادی اصولوں کی موجودہ صورتحال پر اعتماد کا اظہار کرنا اور دنیا میں صحافت کی موجودہ صورتحال کی شکل کو پیش کرنا اس کے ساتھ ہی اس دن کو منانے کا مقصد صحافتی فرائض کے دوران قتل زخمی یا متاثر ہونے والے صحافیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی اور انہیں خراج عقیدت پیش کرنا ہے صحافت آزادی رائے کا اظہار اور ریاست کے چار ستونوں میں سے ایک اہم ستون ہے مگر آج ریاست کا یہی ستون نازک دور سے گزر رہا ہے اور اسے کئی چیلنجز کا سامنا ہے انقلابی رہنما نیلسن منڈیلا نے کہا تھا کہ صحافت جمہوریت کا ستون ہے خیالات ونظریات کا آزادانہ اظہار اور تنقید واختلاف رائے کا حق کسی بھی جمہوری معاشرے کے بنیادی اصول ہوتے ہیں چیئرمن ایمرا الیکٹرانک میڈیا گروپ چوہدری محمد رمضان نے کہا کہ افسوس آج کوئی بھی صحافی آزاد نہیں جو بھی صحافی حق سچ کی بات کرتا ہے اس کو ہمیشہ کے لیے خاموش کروا دیا جاتا ہے وہ صحافی جو سرکاری وغیر سرکاری پروگرام کی کوریج کرنے کے لیے ہر وقت تیار رہتا ہے افسوس ان صحافیوں کے اعزاز میں کوئی بھی سرکاری یا غیر سرکاری محکمہ کوئی پروگرام اریجنج نہیں کرتا آخر میں انہوں نے کہا کہ اللہ پاک حق سچ کا ساتھ دینے والے تمام صحافیوں کو سلامت اور اپنے حفظ وامان میں رکھے آمین ثم آمین۔

پاکستان ایک نظریہ ہے، ایک مقدس امانت ہے: پیرزادہ شاہ آویز

یہ ملک اس عقیدے کی بنیاد پر قائم ہوا کہ یہاں کے باسی اپنی زندگی آزادی، غیرت اور دین اسلام کے مطابق بسر کریں گے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاکستان سوشل انوسٹی گیشن ٹیم کے مرکزی چیئرمین پیرزادہ شاہ آویز نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ایک نظریہ ہے، ایک مقدس امانت ہے، جو صرف زمین کا ٹکڑا نہیں بلکہ لاکھوں شہیدوں کے خوابوں اور دعاؤں کی تعبیر ہے۔ یہ ملک اس عقیدے کی بنیاد پر قائم ہوا کہ یہاں کے باسی اپنی زندگی آزادی، غیرت اور دین اسلام کے مطابق بسر کریں گے۔ آج جب دشمن نے سرحدوں پر جارحیت کی اور جنگ کی دھمکیاں دے کر اس ارض پاک کو آزمانے کی جسارت کی ہے، تو پوری قوم ایک نئے ولولے، نئی جرات اور نئے حوصلے کے ساتھ کھڑی ہے۔ یہ لڑائی محض ہتھیاروں اور گولیوں کی نہیں، بلکہ نظریات، غیرت، حوصلے اور ایمان کی لڑائی ہے۔ ہماری افواج کے جوان جانتے ہیں کہ وہ سرحد پر نہ صرف دشمن کی فوج سے بلکہ اس کی سازشوں اور ناپاک عزائم سے بھی لڑ رہے ہیں۔ یہ جنگ ہمارے گلیمر، ہماری روایات اور ہمارے عقیدے کی حفاظت کی جنگ ہے۔ دشمن یہ نہیں جانتا کہ پاکستان کے پسوت جب اللہ اکبر کا نعرہ لگاتے ہیں تو وہ صرف گولیوں سے نہیں، اپنے یقین اور وفاداری سے بھی دشمن کے حوصلے توڑ دیتے ہیں۔ ہم ہر بار آزمائی گئی، ہر بار قربانی دی، مگر کبھی جھکی نہیں، کبھی بکی نہیں۔ ہماری تاریخ شہیدوں کے لہو سے لکھی گئی ہے اور اس تاریخ کا ہر ورق گواہ ہے کہ ہم نے اپنی عزت و آزادی پر کبھی سمجھوتہ نہیں کیا۔ آج بھی جنگ کی یہ گھڑی صرف سرحد پر کھڑے جوان کی نہیں، پوری پاکستان کی ہے

گیمبر ضلعی انتظامیہ کی ملی بھگت سے گیلانی فیلنگ اسٹیشن جی ٹی روڈ 55 پل پیمانے میں کمی کر کے ڈیزل اور پٹرول سیل کرنے لگے

گیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) گیمبر ضلعی انتظامیہ کی ملی بھگت سے گیلانی فیلنگ اسٹیشن جی ٹی روڈ 55 پل پیمانے میں کمی کر کے ڈیزل اور پٹرول سیل کرنے لگے مسافروں اور مقامی شہریوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے لگے انتظامیہ اور متعلقہ محکموں نیند خرگوش کے مزے میں وزیراعلیٰ پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ساہیوال ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکموں کی ملی بھگت سے لاہور ملتان مین بی ٹی روڈ 55 پل پر واقعہ گیلانی فلنگ اسٹیشن کے مالکان پیمانے میں کمی کر کے ڈیزل اور پٹرول سیل کر کے شہریوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے لگے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکموں ستوپی کے ٹھنڈے کمروں میں بیٹھ کر فوٹو سیشن کرنے کے بعد سب اوکے کی رپورٹ پیش کرنے لگے پیمانے میں کمی کر کے ڈیزل اور پٹرول سیل کرنے والے پٹرول پمپ مالکان کے خلاف کارروائی کرنے والا کوئی نہیں جس کی وجہ سے گیمبر قلزم آباد کے شہری ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکموں پر شدید برہم گیمبر قادر آباد کے شہریوں کا وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کمشنر ساہیوال شعیب اقبال سید اور ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ گیلانی فیلنگ اسٹیشن جو کہ سرعام پیمانے میں کمی کر کے ڈیزل اور پٹرول سیل کر رہے ہیں۔

میاں جمیل احمد شرقپوری کے عرس کی تقریبات آستانہ عالیہ شرقپور میں اختتام پذیر

عرس مبارک میں مشائخ عظام، علماء کرام، زائرین اور عقیدت مندوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی



شرقپور شریف (نامہ نگار) میں فخر المشائخ حضرت میاں جمیل احمد شرقپوری نقشبندی مجددی رحمۃ اللہ علیہ کے سالانہ ایک روزہ عرس مبارک کی تقریبات آستانہ عالیہ شرقپور شریف پر اختتام پزیر ہو گئیں۔ عرس مبارک میں مشائخ عظام، علماء کرام، زائرین اور عقیدت مندوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اختتامی دعا سجادہ نشین آستانہ عالیہ کوٹلہ شریف میاں غلام قدیر احمد کوٹلوی نے کرائی۔ تفصیلات کے مطابق فخر المشائخ حضرت میاں جمیل احمد شرقپوری نقشبندی مجددی رحمۃ اللہ علیہ کے سالانہ ایک روزہ عرس مبارک کی تقریبات دعا کے بعد اختتام پزیر ہو گئیں۔ عرس مبارک نیک سرپرستی صاحبزادہ میاں سعید احمد شرقپوری سجادہ نشین آستانہ عالیہ شرقپور شریف اور زیر صدارت سابق رکن پنجاب اسمبلی صاحبزادہ میاں جلیل احمد شرقپوری سجادہ نشین آستانہ عالیہ شرقپور شریف اور صاحبزادہ میاں ولید احمد جواد شرقپوری سجادہ نشین آستانہ عالیہ شرقپور شریف اور صاحبزادہ میاں محمد صالح شرقپوری سجادہ نشین آستانہ عالیہ شرقپور شریف کی زیر نگرانی منعقد ہوا۔ جس میں میاں جمیل احمد شرقپوری، پیر خواجہ معین الدین کوریجہ آستانہ عالیہ کوٹ ٹھن شریف، پیر اختر رسول قادری سمیت پاکستان بھر کے جید علماء کرام اور مشائخ عظام نے اولیاء اللہ اور فخر المشائخ حضرت میاں جمیل احمد شرقپوری نقشبندی مجددی رحمۃ اللہ علیہ کی زندگی کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔ اختتامی دعا سجادہ نشین آستانہ عالیہ کوٹلہ شریف میاں غلام قدیر احمد کوٹلوی نے کرائی۔ جس میں ہزاروں فرزندان اسلام نے شرکت کی اور ملک پاکستان کی سلامتی اور ترقی کے ساتھ ساتھ فلسطین کے مسلمانوں کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔



عوامی مسائل کے بروقت حل کیلئے اوپن ڈور پالیسی پر عملدرآمد جاری: ڈپٹی کمشنر

خدمت خلق کے جذبہ سے سرشار عوام الناس کو ریلیف فراہم کرنے کا سلسلہ روزانہ کی بنیادوں پر جاری رہے گا

نکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور چیف سیکرٹری پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ضلع نکانہ صاحب میں عوامی مسائل کے بروقت حل کیلئے اوپن ڈور پالیسی پر عملدرآمد جاری۔ ڈپٹی کمشنر محمد سلیم اختر راو نے اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کے مسائل سنے اور فوری حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل شاہد کھوکھر، اسسٹنٹ کمشنر نکانہ عطیہ عنائیت سمیت دیگر ضلعی افسران بھی اس موقع پر موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے ریونیو، صفائی ستھرائی و دیگر عوامی مسائل کے فوری حل کیلئے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کیں۔ ڈپٹی کمشنر محمد سلیم اختر راو نے اوپن ڈور پالیسی کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب حکومت کی ہدایت پر اوپن ڈور پالیسی کے تحت روزانہ صبح 10 بجے سے ساڑھے 11 بجے تک تمام ضلعی افسران عوامی مسائل سن رہے ہیں، عوام کے مسائل کا حل اور شکایات کا فوری ازالہ پنجاب حکومت کی پالیسی اور ضلعی انتظامیہ کی اولین ذمہ داری ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ خدمت خلق کے جذبہ سے سرشار عوام الناس کو ریلیف فراہم کرنے کا سلسلہ روزانہ کی بنیادوں پر جاری رہے گا، شہری اپنے مسائل کے حل کیلئے سرکاری دفاتر میں تشریف لائیں تاکہ انہیں فوری ریلیف فراہم کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ سائلین کی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے گی، اوپن ڈور پالیسی کے مطابق میرے دفتر کے دروازے عوام الناس کے مسائل کے حل کے لیے ہمیشہ کھلے ہیں۔

کولورڈ حافظ آباد پر تجاوزات کے خلاف آپریشن ادھورا، مریضوں کی زندگیاں خطرے میں پڑ گئیں

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد کی مصروف ترین سڑک کولو روڈ پر تجاوزات کے خلاف ضلعی انتظامیہ نے کچھ روز قبل آپریشن کا آغاز کیا، تاہم یہ آپریشن مکمل کیے بغیر ہی روک دیا گیا جس کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، خصوصاً مریضوں کی زندگیوں کو خطرات لاحق ہو گئے ہیں۔ کولو روڈ پر واقع ٹراما سنٹر اور ضلعی ہسپتال روزانہ درجنوں ایمرجنسی کیسز کو ڈیل کرتے ہیں۔ سڑک کی حالت ایسی ہے کہ غیر قانونی تجاوزات، ٹھیلوں اور فٹ پاتھوں پر قبضوں نے آمد و رفت مشکل بنا دی ہے۔ ٹریفک جام معمول بن چکا ہے، جس سے ایمبولینسز اور حساس مریضوں کو بروقت طبی امداد کی فراہمی میں شدید رکاوٹ پیش آ رہی ہے۔ شہریوں نے شکایت کی ہے کہ تجاوزات کے خلاف کارروائی محض رسمی ثابت ہوئی، جس سے صورتحال بہتر ہونے کے بجائے مزید بگڑ گئی۔ لوگوں کا کہنا ہے کہ بروقت طبی امداد ایک دم توڑتے انسان کو زندگی دے سکتی ہے، مگر ناقص حکمت عملی اور انتظامی غفلت انسانی جانوں کو داؤ پر لگا رہی ہے۔ شہری حلقوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف صاحبہ سے فوری نوٹس لینے کی اپیل کی ہے تاکہ کولو روڈ کو مکمل طور پر تجاوزات سے پاک کیا جا سکے اور ہسپتالوں تک رسائی کو ممکن بنایا جا سکے۔

مصطفیٰ آباد: افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی ریلی: انڈیا کو منہ توڑ جواب دیں گے

افواج پاکستان نے ہمیشہ دشمن کے منصوبے خاک میں ملائے ہیں، دشمن کسی بھول میں نہ رہے، ریلی کے شرکاء

مصطفیٰ آباد/لیہ/لیانی (نمائندہ خصوصی) مصطفیٰ آباد میں مختلف مکتبہ فکر کے نمائندہ افراد کی طرف سے مشترکہ طور پر پاک افواج کے حق میں ریلی نکالی گئی۔ ریلی کے شرکاء نے پاک افواج کے حق میں نعرے بازی کرتے ہوئے انڈیا کو ہوش کے ناخن لینے کی تلقین کی۔ صدر گرین اینڈ گلین محمد ادریس نمبردار، خادم شہدا مصطفیٰ آباد حاجی غلام مصطفےٰ رحمانی، صدر پریس کلب مصطفیٰ آباد للیانی رحمزہ محمد عمران کلثی، صدر الخدمت فاؤنڈیشن مہر خادم حسین، پاکستان ایئر فورس کے ریٹائرڈ چیف ٹیک محمد رشید کوشش ویلفیئر ٹرسٹ کے تشکیل احمد خاں، جماعت اہلسنت کے علی مرتضیٰ پیشی، مہر محمد سرور، ضلعی صدر نمبردار ایسوسی ایشن ملک خرم نصر اللہ خاں، صدر الیکٹرونک میڈیا سید محمد حسین، ماسٹر نعمت علی سمیت دیگر نمائندہ شخصیات نے کہا کہ افواج پاکستان نے ہمیشہ دشمن کے منصوبے خاک میں ملائے ہیں دشمن کسی بھول میں نہ رہے، مقررین نے شہریوں کو ٹریننگ دینے، بھارتی سے تجارتی تعلقات منقطع کرنے کا مطالبہ کیا۔



ڈی پی او فیصل شہزاد کی کمانڈ میں سیالکوٹ محفوظ تر شہر بن گیا: چوہدری امتیاز وریاہ

کھلی کچہریوں کا اقدام شہریوں میں احساس تحفظ پیدا کر رہا ہے۔ سابق صدر سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ فیصل شہزاد کی جانب سے ضلع بھر کے وسطی و دور افتادہ علاقوں میں عوام الناس کی قانون تک رسائی بہتر بنانے کیلئے تھانہ کی۔ بجائے عوامی مقامات پر کھلی کچہریوں کے انعقاد کا اقدام کو شہریوں کی جانب سے پزیرائی مل رہی ہے۔ کھلی کچہریوں میں ڈی پی او کے فوری اقدامات سے شہریوں کا پولیس کے روایتی تھانہ کلچر کی بجائے جدید طریقہ تفتیش کے تحت میرٹ یقینی بنانے کے عمل پر شہری پر اعتماد ہیں۔ ان باتوں کا اظہار معروف رئیل اسٹیٹ بزنس مین چوہدری امتیاز علی وریاہ نے سنیئر صحافیوں کیساتھ خصوصی نشست کے دوران کیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ پولیس ہماری ہے اور ہمارے جان و مال کیلئے سرگرم عمل رہتے مستعدی سے قانون کے نفاذ کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے جس کو ہم سراہتے ہیں۔

دارارقم سکول کے سالانہ امتحانات میں روحان جانی نے میدان مار لیا

روحان جانی نے نرسری ریڈ کلاس میں اول پوزیشن حاصل کر کے اپنے سکول اور والدین کا سر فخر سے بلند کر دیا



رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) دارارقم سکول کے سالانہ امتحانات میں روحان جانی نے میدان مار لیا، تفصیلات کے مطابق دارارقم سکول رائیونڈ برانچ کے سالانہ امتحانات میں روحان جانی نے نرسری ریڈ کلاس میں اول پوزیشن حاصل کر کے اپنے سکول اور والدین کا سر فخر سے بلند کر دیا میں بازار رائیونڈ کی معروف کاروباری شخصیت فہیم جانی جو کپڑے کے معروف تاجر ہیں کے فرزند روحان جانی نے اپنے سکول میں ٹاپ پوزیشن ہولڈر زمیں اپنا نام لکھوا لیا ہے اس کامیابی پر مرکزی پریس کلب رائیونڈ کے سینئر صحافی و ڈپٹی چیئرمین سید قمر جعفری نے ہمیں جانی کو انکے بیٹے کی کامیابی پر مبارکباد پیش کی ہے اور اپنے پیغام میں کہا ہے کہ روحان جانی ایک ہونہار بچہ ہے میں اسکے تابناک مستقبل کیلئے دعا گو ہوں اللہ کریم آئندہ آنی والی زندگی میں اسے مزید کامیابیوں سے ہم کنار کرے۔

کنکورڈیا کالج ساہیوال میں سالانہ عشائیہ 2025 کا شاندار انعقاد کیا گیا

جو علمی، سرکاری اور ثقافتی شعبوں سے تعلق رکھنے والی ممتاز شخصیات کو ایک جگہ اکٹھا کرنے کا ذریعہ بنا

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) کنکورڈیا کالج ساہیوال میں سالانہ عشائیہ 2025 کا شاندار انعقاد کیا گیا جو علمی، سرکاری اور ثقافتی شعبوں سے تعلق رکھنے والی ممتاز شخصیات کو ایک جگہ اکٹھا کرنے کا ذریعہ بنا۔ تقریب کے مہمانان اعزاز ممبر صوبائی اسمبلی ملک محمد ارشد، بی ای او فاہ یونیورسٹی ساہیوال کیمپس چوہدری محمد امین، ڈائریکٹر ساہیوال آرٹس کونسل ڈاکٹر سید ریاض حمدانی، ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز محمد عقیل اشفاق، سی ای او قائداعظم کالج مبشر حسن، اسسٹنٹ کمشنر پنجاب ریونیو اتھارٹی عامر فاروق اور ڈپٹی ڈائریکٹر بارانی انسٹیٹیوٹ آف سائنسز ساہیوال ڈاکٹر محمد عدنان خان تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پرنسپل کنکورڈیا کالج عرفان احمد نے معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور ادارے کی نصابی اور ہم نصابی سرگرمیوں بارے تفصیل سے روشنی ڈالی اور طلبہ وطالبات کی محنت کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ کنکورڈیا کالج نہ صرف تعلیمی برتری بلکہ باکردار اور ذمہ دار شہریوں کی تربیت کے لیے بھی پرعزم ہے۔ تقریب میں معروف گلوکار وحدت رمیض نے اپنی آواز کا جادو جگایا جسے حاضرین نے بے حد سراہا۔ تقریب کے اختتام پر ڈائریکٹر کنکورڈیا کالج ساہیوال پروفیسر عبداللطیف نے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔

حافظ آباد: تھانہ کسوکی میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عاطف نذیر نے عوام کے مسائل براہ راست سنے اور مسائل کے فوری حل کے احکامات صادر کیے



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) تھانہ کسوکی میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عاطف نذیر نے عوام کے مسائل براہِ راست سنے اور موقع پر ہی متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے ان کے فوری حل کے احکامات صادر کیے۔ اس موقع پر علاقہ مکینوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور کھل کر اپنے مسائل پیش کیے۔ کھلی کچہری کے دوران امن و امان، زمینوں کے تنازعات، منشیات فروشی، تھانہ کلچر میں بہتری، اور دیگر عوامی نوعیت کے مسائل زیر بحث آئے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عاطف نذیر کا کہنا تھا کہ پولیس عوام کی خدمت کے لیے ہے اور ہمارا مقصد صرف جرائم کی روک تھام ہی نہیں بلکہ عوام کا اعتماد بحال کرنا اور انصاف کی فوری فراہمی کو یقینی بنانا بھی ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ جب عوام براہِ راست اپنی شکایات اور مسائل پولیس کے اعلیٰ حکام تک پہنچا سکیں، تو اس سے نہ صرف شفافیت میں اضافہ ہوتا ہے بلکہ پولیس اور عوام کے درمیان موجود فاصلے بھی کم ہوتے ہیں۔ کھلی کچہریاں اسی سلسلے کی ایک کڑی مثال ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ ہم تھانوں میں روایتی کلچر کا خاتمہ چاہتے ہیں۔

بوسیدہ مکان کی چھت گرنے سے نوجوان لڑکا جانبحق ہو گیا

مصطفیٰ آباد للیانی (نامہ نگار) بوسیدہ مکان کی چھت گرنے سے نوجوان لڑکا جانبحق ہو گیا اور خاتون سمیت 5 افراد زخمی ہو گئے، بتایا گیا ہے کہ پکی حویلی میں خستہ حال مکان کی چھت گرنے کے باعث چچا سے ملنے آیا بنک سٹاپ کارہائشی 25 سالہ نوجوان احسن مقیم موقع پر جانبحق ہو گیا جبکہ 50 سالہ خاتون عائشہ بی بی، شیر عالم، ریاض احمد، غلام نبی، فقیر محمد اور عباس ملبے تلے دب کر شدید زخمی ہو گئے، اطلاع ملنے پر ریسکو 1122 کے عملہ نے ملبے سے نکال کر انہیں طبی امداد کیلئے فوری بلھے شاہ ڈسٹرکٹ ہسپتال قصور منتقل کر دیا۔

حافظ آباد میں سی سی ڈی پولیس کی دوسری کارروائی، مبینہ پولیس مقابلہ میں ایک ملزم ہلاک دو فرار

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد میں سی سی ڈی پولیس کی دوسری کارروائی۔ مبینہ پولیس مقابلہ میں ایک ملزم ہلاک دو فرار۔ سی سی ڈی کے سب انسپکٹر علی حسنین کی جانب سے تھانہ صدر پنڈی بھٹیاں میں درج کروائی گئی ایف آئی آر کے مطابق سی سی ڈی پولیس کوٹ نکہ کے قریب گشت پر تھی کہ اس دوران وہاں پر تین ملزمان موٹر سائیکل پر جاتے ہوئے مشکوک پائے گئے، جنہیں پولیس نے روکنے کی کوشش کی تو انہوں نے موٹر سائیکل پھینک پر پولیس پر فائرنگ کر دی جس کے جواب میں پولیس نے بھی فائرنگ کی۔ اس دوران فائرنگ کے نتیجہ میں ایک ملزم جس کی شناخت منیر جتوعہ سکنہ جھگیاں سرگودھا کے نام سے ہوئی وہ اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہو گیا جبکہ دیگر دو ملزم فرار ہو گئے۔

دو مختلف حادثات میں اخبارات کا ہاکر جاں بحق ایک شخص زخمی

وزیر آباد (تحصیل رپورٹر) دو مختلف حادثات میں اخبارات کا ہاکر جاں بحق ایک شخص زخمی، پولیس تھانہ صدر مصروف تحقیق، زخمی کو تشویشناک حالت کے پیش نظر ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال گوجرانوالہ منتقل کر دیا گیا وزیر آباد کے علاقہ چناب فینچی کے قریب الہ آباد وزیر آباد کے رہائشی موٹر سائیکل سوار معروف ہاکر محمد فاروق کو تیز رفتار کار نے عقبی جانب سے ٹکر مار دی اور فرار ہو گیا حادثہ میں فاروق جاں بحق ہو گیا ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ مقامی اخبار ہاکر اپنے بیٹوں سے چناب ٹول پلازہ کے قریب ملاقات کے بعد واپس وزیر آباد آ رہا تھا کہ حادثہ پیش آگیا متوفی کی نعش کو سول ہسپتال وزیر آباد منتقل کر دیا گیا۔

محمد اشرف شاکر کے صاحبزادے محمد وقاص کی شادی کی پُروقار تقریب کا انعقاد

تقریب میں شریک مہمانوں کی میٹھے اور نمکین کھانوں سے تواضع بھی کی گئی



سمندری (تحصیل رپورٹر) معروف شاعر اور چیمبر مین کاروان شعر و ادب سمندری، محمد اشرف شاکر کے صاحبزادے محمد وقاص کی شادی کی پُروقار تقریب کا انعقاد مقامی شادی ہال میں کیا گیا، جس میں شعرا کرام، سیاسی وسماجی شخصیات، صحافی برادری، ادبی ذوق رکھنے والے احباب اور عزیز و اقارب نے بھرپور شرکت کی تقریب میں شریک معزز مہمانوں نے نو بیاہتا جوڑے کو نئی زندگی کے آغاز پر دل کھول کر دعائیں دیں اور نیک خواہشات کا اظہار کیا شعرا کرام نے محمد اشرف شاکر کی ادبی خدمات کو سراہتے ہوئے ان کے بیٹے کی خوشیوں میں شریک ہونا اعزاز قرار دیا مختلف شخصیات نے کہا کہ ایسی تقریبات سماجی ہم آہنگی اور محبت کے فروغ کا ذریعہ بنتی ہیں آخر میں میزبان محمد اشرف شاکر نے تمام مہمانوں کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا جنہوں نے ان کی خوشیوں میں شریک ہو کر اسے یادگار بنایا مہمانوں کی میٹھے اور نمکین کھانوں سے تواضع بھی کی گئی۔

عالمی یوم آزادی صحافت کے موقع پر پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا

تقریب کے مہمان خصوصی ممبر لاہور پریس کلب پروڈیوسر 42 نیوز سینئر صحافی حافظ عمران انور تھے

کوٹ رادھا کشن (نامہ نگار) پریس کلب کوٹ رادھ

"قوت" کا سپیشل ایڈیشن

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ،اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

درستگی نام ولدیت

میرا نام مشعال دختر سردار محمد کمال خان ہے۔ میں نے رولنمبر 015576 کے تحت سیکنڈری سکول سالانہ اور رولنمبر 506729 کے تحت انٹرمیڈیٹ سالانہ امتحان لاہور بورڈ سے پاس کیا ہے۔ میری لاہور بورڈ سے جاری کردہ سند پر ولدیت نائلہ بشیر والدہ درج ہے جو کہ درست نہیں ہے برائے مہربانی میری سند پر سردار محمد کمال خان درست ولدیت تحریر کی جائے۔

بقیہ	بقیہ جات	1

کسی ثبوت کے اس واقعے سے پاکستان کو جوڑنے کی کسی بھی کوشش کو واضح طور پر مسترد کر دیا اور اس واقعے کے پس پردہ حقائق کا پتہ لگانے کے لیے بین الاقوامی، شفاف، معتبر اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کے لیے پاکستان کی پیشکش کو دہرایا۔ وزیراعظم آفس کے پریس ونگ کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان ان تحقیقات میں ملائیشیا کی شرکت کا خیر مقدم کرے گا، انہوں نے اس بات پر زور دیتے ہوئے کہ پاکستان نے ہمیشہ دہشت گردی کی تمام شکلوں اور مظاہر میں مذمت کی ہے۔ وزیراعظم نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں فرنٹ لائن اسٹیٹ کے طور پر پاکستان کے کردار اور اس کوشش میں اس کی زبردست قربانیوں کو اجاگر کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت کے اقدامات پاکستان کی مغربی سرحد پر انسداد دہشت گردی کی کوششوں سے توجہ ہٹا رہے ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان اس طرح کے تنازعہ میں الجھنا نہیں چاہتا، خاص طور پر ایسے وقت میں جب ملک اقتصادی استحکام کی راہ پر گامزن ہے۔ دونوں وزرائے اعظم نے پاکستان ملائیشیا تعلقات پر بھی تبادلہ خیال کیا اور دوطرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے اور تجارت، سرمایہ کاری اور ثقافتی تبادلوں سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے کے اپنے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا۔ اس تناظر میں وزیراعظم نے بتایا کہ وہ اس سال ملائیشیا کا سرکاری دورہ کرنے کے منتظر ہیں۔ یہ ٹیلی فون کال پاکستان اور ملائیشیا کے درمیان قریبی دوستی کی عکاس ہے جس میں دونوں رہنماں نے علاقائی اور بین الاقوامی پیش رفت پر رابطے میں رہنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ	بقیہ جات	2

کے لئے مل کر کام کرنے کے خواہش مند ہیں۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز آسٹریلوی وزیراعظم انتھونی البانیز نے دوسری مدت کے لیے بھی انتخابی معرکہ مار لیا تھا، عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق آسٹریلیا میں ہونے والے انتخابات میں ایک بار پھر لیبر پارٹی نے تاریخی فتح حاصل کی تھی۔ لیبر پارٹی کے انتھونی البانیز مسلسل دوسری بار تین سالہ مدت کے لیے منتخب ہوگئے جو 21 سالہ تاریخ میں ایک ریکارڈ ہے۔ اپوزیشن لیڈر نے انتخابی نتائج تسلیم کرتے ہوئے اپنی شکست کا اعتراف کیا۔ انھوں نے کہا کہ ہم انتخابی مہم میں اتنی اچھی کمیونٹی کیلئے ایک بروقار اور تاریخی تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں سویڈن ڈنمارک اور ناروے میں مقیم تارکین وطن کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اسکینڈینیویا میں مسلم لیگ کے کوآرڈینیٹر اسد ایاز اس تقریب کے میزبان تھے۔ اوورسیز پاکستانیوں خصوصا ازیں 13 نشستوں پر آزاد اور چھوٹی جماعتوں کے امیدوار کامیاب ہوئے۔ کچھ نتائج کا انتظار ہے۔ حکمراں جماعت کی نشستوں کی تعداد 76 تک ہوسکتی ہے۔ البتہ اگر لیبر پارٹی دو یا زیادہ نشستیں کھو بیٹھتی ہے تو اسے اتحادی حکومت بنانا ہوگی۔ آسٹریلیا میں آخری بار کوئی اتحادی حکومت 2010 میں بنی تھی۔

بقیہ	بقیہ جات	3

پر الزام لگا کر اپنی ساکھ کو بین الاقوامی سطح پر مزید کمزور کر دیا ہے۔ اس حوالے سے پاکستان کے سفیر محمد خالد جمالی نے بھارت کو ایک بار پھر خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر بھارت کی جانب سے حملہ کیا گیا تو مکمل طاقت سے جواب دیا جائے گا، پاکستان اپنے دفاع میں جوہری اور روایتی طاقت دونوں استعمال کرے گا۔ محمد خالد جمالی نے کہا کہ ہمارے پاس انٹیلی جنس شواہد ہیں کہ بھارت پاکستان پر حملہ کرنے کے منصوبہ بندی کر رہا ہے، بھارت اس سے قبل بھی متعدد فالس فلیگ آپریشنز کر کے الزام پاکستان کے سر تھوپ چکا ہے، پانی کے مسئلے پر کسی بھی جارحیت کا جواب جنگ سے ہوگا، بھارت کی جانب سے حملے کی صورت میں پاکستان اپنی سرحدوں کے دفاع میں کسی بھی حد تک جائے گا۔ پاکستانی سفیر نے کہا کہ بھارت کی جانب سے لگائے گئے الزامات بالکل بے بنیاد ہیں جن کا حقیقت سے دور دور تک کوئی تعلق نہیں، ہم بھارتی جنگی پروپیگنڈے کو مسترد کرتے ہیں، ہمیں اپنی سرحدوں کا دفاع کرنے کا پورا حق ہے، ہم عالمی برادری سے مطالبہ کرتے ہیں کہ پہلگام حملے کی غیر جانبدار تحقیقات کی جائیں، چین اور روس سے پہلگام حملے کی تحقیقات میں شامل ہونے کی درخواست کرتے ہیں۔

بقیہ	بقیہ جات	4

پہلگام واقعے پر تحقیقات کی پیشکش کی، پاکستان اگر پیش کش نہ کرتا تو دنیا سے جارحانہ بیانات آسکتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی تحقیقات کی پیش کش پر 4 سے 5 ممالک کمیشن بنالیں اور رپورٹ پیش کریں۔ وزیر دفاع نے اپنے انٹرویو میں مزید کہا کہ بھارت کی جانب سے ابھی خطرہ کم نہیں ہوا، دنیا کے اہم ممالک کی کوشش ہے کہ پاک بھارت تنازع نہ بڑھے۔

بقیہ	بقیہ جات	5

کے خواہاں ہیں، بارڈر ٹریڈ زون چینی سرمایہ کاروں کو گارنٹی فراہم کرے گا، پاک چین بارڈر ٹریڈ زون تاشکرگان گلگت بلتستان کے تاجروں کے ساتھ خطے میں چینی سرمایہ کاری بڑھانے اور سرحدی علاقوں سے چین کو برآمدات بڑھانے کے لئے ایک میکانزم پر اتفاق ہوگیا ہے۔ گوادر پرو کواِنڈرو یو میں راجہ میر نواز میر نے کہا کہ اپریل میں گلگت بلتستان کے 10 اضلاع کے تاجروں کے ایک وفد نے تاشکرگان بارڈر ٹریڈ زون کا 6 روزہ دورہ کیا جس کے بعد بارڈر ٹریڈ زون کے چیئرمین چن ہا کی سربراہی میں چینی سرمایہ کاروں نے ہنزہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا دورہ کیا۔ گوادر پرو کے مطابق وفد کی قیادت کرنے والے راجہ میر نواز میر نے کہا کہ دورے کے دوران گلگت بلتستان کے تاجروں اور بارڈر ٹریڈ زون کے حکام کے درمیان خطے میں چینی سرمایہ کاری کو بہتر بنانے کے لئے ایک اہم معاہدے سمیت متعدد مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کیے گئے۔ گوادر پرو کے مطابق راجہ نے کہا کہ معاہدے کے تحت گلگت بلتستان اور پاکستان کے دیگر خطوں کے سرمایہ کار چینی سرمایہ کاروں کے ساتھ جوائنٹ وینچر کے لئے گلگت بلتستان میں قابل عمل منصوبوں کی نشاندہی کریں گے۔ زمین اور دیگر سہولیات فراہم کریں گے جبکہ بارڈر ٹریڈ زون ممکنہ منصوبوں کے لئے انہیں چینی سرمایہ کاروں سے منسلک کرے گا۔ گوادر پرو کے مطابق راجہ نے کہا تاشکرگان بارڈر ٹریڈ زون میں 50000 چینی سرمایہ کاروں کی فہرست ہے جو گلگت بلتستان میں سرمایہ کاری کرنے کے خواہاں ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ چین اور پاکستان کی سرحد کے ساتھ سرحد پار برادریوں کی ترقی کے لئے چینی حکومت کے وسیع تر منصوبے کا حصہ ہے۔ گوادر پرو کے مطابق راجہ نے کہا کہ پاکستانی سرمایہ کاروں کو گلگت بلتستان کے تاجروں کے ساتھ جوائنٹ وینچر کے لئے بھی تعاون کرے گا

قوم کا اداسلح افواج کیلئے یکجہتی کا باعث ہے، یوم تکبیر ہمیں اختر

ہم افغانستان میں روس جیسی سپر پاور کو شکست دینے اور دنیا کا نقشہ بدل کے 10 اسلامی ریاستوں کا قیام ممکن بنانے والے شہداء کے وارث ہیں

اپنی افواج کے شانہ بشانہ کھڑے ہو کر ہر جارحیت کا سامنا کریں گے، مسائل کے حل کیلئے نیک نیتی سے کام کر رہے ہیں، سابق وفاقی وزیر

فضل آباد: نامہ نگار خصوصی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ بھارت کی دھمکیوں سے ہمارے عزم میں کمزوری نہیں آئے گی، ہم اپنی افواج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، ہم افغانستان میں روس جیسی سپر پاور کو شکست دینے اور دنیا کا نقشہ بدلنے والے شہداء کے وارث ہیں، اپنی خانہ ساز روایات کو قائم رکھتے ہوئے اپنی افواج کے شانہ بشانہ کھڑے ہو کر ہر جارحیت کا سامنا کریں گے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 47)



قصور: ممبر صوبائی اسمبلی حاجی محمد نعیم صفدر انصاری اور ڈپٹی کمشنر عمران علی بلیے شاہ ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کے ڈسٹرکٹ ہیلتھ کونسل کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

آزاد صحافت مہذب معاشرے کی بنیاد ہوتی ہے، الحاج ایوب غوری

پاکستان میں صحافیوں کو پابندیوں، جملوں، پیکا ایکٹ جیسے قوانین کا سامنا، ضلعی صدر وسیم غوری

جمعہ شاہ مقیم (این این آئی) صحافت کے عالمی دن کے موقع پر پاکستان صحافت جمعہ شاہ مقیم الحاج غوری ایوب بلیک فوری اور سینئر صحافی وسیم احمد غوری نے کہا ہے کہ صحافت صرف ایک پیشہ نہیں بلکہ ایک عظیم مشن اور قوم کی آنکھوں، کانوں اور زبان کا نام ہے، ایک آزاد اور ذمہ دار صحافت کسی بھی مہذب معاشرے کی بنیاد ہوتی ہے، جو عوام اور ریاست کے درمیان پل کا کردار ادا کرتی ہے، انہوں نے کہا کہ پاکستان میں صحافی برادری کو مشکل چیلنجز کا سامنا ہے، جبکہ اظہار رائے پر پابندیاں، کبھی حق گوئی کی پاداش میں حملے، اور کبھی پیکا ایکٹ جیسے قوانین کے ذریعے صحافتی آزادی کو سلب کرنے کی کوششیں کی جاتی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 48)

مئی تا جولائی معمول کے مطابق بارشوں کا امکان، سیلاب کا بھی خدشہ

مئی سے جولائی کے دوران ہیٹ ویو کا امکان بھی موجود ہے، اعلامیہ

خیبر پختونخوا کے بالائی علاقوں، گلگت بلتستان اور کشمیر میں درجہ حرارت میں اضافے کی توقع ہے

لاہور (این این آئی) مئی سے جولائی کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں معمول کے مطابق بارشوں کا امکان ہے جبکہ اس دوران ملک کے میدانی علاقوں میں ہیٹ ویو اور کبھی سیلاب کا بھی خدشہ ہے، محکمہ موسمیات کے مطابق فروری سے اپریل تک سندھ اور جنوبی بلوچستان کے بیشتر علاقوں میں معمول سے کم بارش ہوئی، شمالی اور وسطی علاقوں میں درمیانی اور شدید بارشیں ہوئی جب کہ بارش کم ہونے کی وجہ سے خشک سالی کی بھی رپورٹ ہوگی، محکمہ موسمیات نے پیشگوئی کی ہے کہ مئی سے جولائی کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں معمول کے مطابق بارش کا امکان ہے جبکہ دسمبر سے جنوری تک بیشتر علاقوں میں معمول سے کم



لاہور: ہادا ہی باغ سبزی منڈی میں مزدور پیازی بوریاں مزدا ٹرک سے اتار رہے ہیں

سندھ کے مختلف شہروں میں گرج چمک کے ساتھ بارش، 300 سے زائد فیڈرز ٹرپ کر گئے

کراچی (این این آئی) سندھ کے مختلف شہروں میں ہفتے کی شام گرج چمک کے ساتھ بارش سے کئی گھنٹوں تک روزمرہ زندگی درہم برہم ہوگئی، حیدرآباد، عام شہروں اور ٹنڈو الہ یار سمیت سندھ کے مختلف شہروں میں ہفتے کی شام گرج چمک کے ساتھ بارش ہوئی، جس کے باعث جیسکو ریجن میں 300 سے زائد فیڈرز ٹرپ کر گئے اور کئی علاقے تنگی سے محروم ہوگئے۔ اس کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 55)

صوبہ پنجاب میں کپاس کی کاشت 15 لاکھ ایکڑ سے زائد رقبہ پر ہوچکی، سیکرٹری زراعت پنجاب

فیصل آباد (این این آئی) پنجاب میں کپاس کی کاشت آخری اور فیصلہ کن مراحل میں داخل ہو چکی ہے، اب تک صوبہ پنجاب میں کپاس کی 15 لاکھ ایکڑ سے زائد رقبہ پر ہوچکی ہے۔ ان خیالات کا اظہار سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے آج کاٹن سیزن پاس من منتظمہ کپاس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 49)



لاہور: ہادا ہی باغ سبزی منڈی میں مزدور پیازی بوریاں مزدا ٹرک سے اتار رہے ہیں

پروفیسر ساجد میر کا انتقال قومی سانحہ ہے، بے پناہ دکھ ہوا (س)

لاہور (این این آئی) جمعیت علما اسلام (س) کے مرکزی سالار امیر لاہور مولانا قاری اظہر الحسن، ناظم الرشد حقانی، سیکرٹری اطلاعات قاری رحمت اللہ اشاری، مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری عبدالحمید تونسوی، احمد بلوچ و دگرنے اپنے تعزیتی پیغام میں کہا ہے کہ پروفیسر ساجد میر کا انتقال قومی سانحہ ہے مرحوم انتہائی باہمت شفاف قومی حمیت کے جذبے سے سرشار تھے حال ہی میں ان کی قومی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 66)

سانگلہ ہل شہر اور گردونواح میں غیر رجسٹرڈ بیوٹی پارلرز کی آڑ میں بدکاری کے اڈے کھل گئے

نگہت صاحب (این این آئی) سانگلہ ہل شہر اور گردونواح کے دیہاتوں میں غیر رجسٹرڈ بیوٹی پارلرز آڑ میں بدکاری کے اڈے کھلے ہوئے ہیں، جس نے اہل علاقہ میں شدید تشویش کی لہر دوڑا دی ہے۔ مقامی افراد کا کہنا ہے کہ شریف خاندانوں کی بابردہ خواتین کے علاوہ پارلرز میں آنے والی اوارہ مزاج لڑکیاں بنے سنورنے کے بہانے مشاغل کیلئے آتی ہیں۔ والدین اور بزرگوں میں بڑھتی ہوئی بے چینی صاف محسوس کی جاسکتی ہے، جبکہ نوجوان نسل کی بربادی کا خطرہ بڑھ رہا ہے۔ شہریوں نے بتایا کہ بیوٹی پارلرز میں آنیوالوں پر مشتمل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 67)

زندہ برائلر مرغی کی قیمت میں 5 روپے کی، فارمی انڈے مہنگے

اوپن مارکیٹ میں برائلر گوشت کی من مانے نرخوں پر فروخت جاری

لاہور (این این آئی) سرکاری نرخنامے میں چرغہ سائز زندہ برائلر مرغی کی قیمت 5 روپے کمی سے 368 روپے فی کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت میں مزید ایک روپے اضافے سے 248 روپے فی درجن کی سطح پر پہنچ گئی، پنجاب پولٹری ایسوسی ایشن کے مطابق صوبہ بھر میں یکساں طور پر 15 مئی سے نئی قیمتوں کا اطلاق ہوگا، تاہم اوپن مارکیٹ میں مختلف مقامات پر برائلر گوشت 580 سے 600 روپے فی کلو فروخت کیا گیا۔ شہریوں نے حکومت سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 65)

جنگل کی سیر کرتے ماہیگیر کے ہاتھ کروڑوں کی مالیت کا خزانہ لگ گیا

دوسری جنگ عظیم کے اختتام پر نازی فوجیوں نے یہ خزانہ چھپایا ہوگا، محققین

پراگ (این این آئی) چیک ریپبلک کے شمال مشرقی علاقے بوہیمیا کے جنگل کے کنارے ایک ماہیگیر کو اچانک ایک ایسا خزانہ ملا جس نے سب کو حیران کر دیا، میڈیا رپورٹس کے مطابق ماہیگیر کو یہ خزانہ 2 افراد کو ایک جنگل کے کنارے سیر کے دوران ملا، جس کی مالیت تقریباً 13 لاکھ ڈالر ہے، امریکی میڈیا کے مطابق شرقی بوہیمیا کے میئر نے بتایا کہ اس خزانے میں 598 سونے کے سکے، زیورات اور تمباکو کے قیمتی شامل ہیں جن کا مجموعی وزن تقریباً 15 پاؤنڈ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 68)

ابوظہبی، خاتون کا غلطی سے اکاؤنٹ میں منتقل 10 ہزار درہم واپسی سے انکار

ابوظہبی کی فیملی کورٹ میں متاثرہ خاتون نے مقدمہ دائر کر کے رقم کی واپسی کا مطالبہ کر دیا

ابوظہبی (این این آئی) ابوظہبی میں ایک خاتون سے 10 ہزار درہم غلطی سے دوسری خاتون کے اکاؤنٹ میں منتقل ہونے کیخلاف دبئی کی فیملی کورٹ میں مقدمہ دائر کر دیا گیا، میڈیا رپورٹس کے مطابق ابوظہبی کی فیملی کورٹ میں متاثرہ خاتون نے مقدمہ دائر کر کے رقم کی واپسی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ انہوں نے کوئی مزید 10 ہزار درہم ارسال کرنے کی حامی نہیں بھری تھی، (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 70)

لاہور: ملکی دفاع کیلئے ساری قوم متحد ہے، جے یو آئی

انسانیت کے علمبردار انسانیت کے دشمن بن چکے، بھارت کی کسی بھی جرأت کا منہ توڑ جواب دیں گے، امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سنی لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سنی لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام عرفان شہزاد بٹ، سالار مولانا محمد عمیر محمد، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ظہیر قاضی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شہزاد بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ملکی دفاع کیلئے پوری پاکستانی قوم متحد ہے، انسانیت کے علمبردار انسانیت کے دشمن بن چکے، بھارت کے کسی جرأت کی تو اس کو منہ توڑ جواب ملے گا، عسکری طاقتیں پاکستان کی بجائے انڈیا کو سمجھائیں کہ بھارت اوچھے ہتھکنڈے استعمال کرنا بند کرے۔ انہوں نے مزید کہا کہ انڈیا میزائل کے کامیاب تجربے پر پوری قوم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 35)

اہل بیتؓ وصحابہؓ سے محبت کے بغیر ایمان نامکمل ہے، علامہ شبیر محمد مجتبائی

صحابہ اکرامؓ اور خاندان نبوت ﷺ کی عظمت تسلیم کرنا اور ان کی تنظیم کرنا ہر مسلمان کا فرض ہے

یوسف معصومی، قاری عبدالقدیر جامی، حافظ محمد آصف خان سرحدی، محمد آصف مظہری، محمد یعقوب قادری، مفتی شفاقت ہدی، حافظ محمد شفیق قادری، محمد بلال قادری، محمد ساجد عطاری، اسلم حیات سلطانی، قاری غلام عباس عطاری، قاری سلامت علی چشتی، چوہدری محمد امتیاز کھرل، قاری جنید احمد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 36)



فیروز والہ: اہل ڈیلیوایم سی کا عملہ فیروز والہ میں صفائی کر رہا ہے

پاکستان نے دنیا کے سامنے بھارت کا چہرہ بے نقاب کر دیا، پنجاب بار کونسل

دنیا کو بھارت کی دہشتگردی سے آگاہ کرنے کیلئے وزراء کے وفود روانہ کئے جائیں، عمران صادق تارڑ

لاہور (این این آئی) پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین عمران صادق تارڑ نے کہا ہے کہ پاکستان نے بھارت کو ہر محاذ پر شکست دی ہے، ہم نے ہر جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا ہے، ہم نے ثابت کیا ہے کہ ہم امن چاہتے ہیں لیکن کوئی ہمیں کمزور سمجھے تو ایسا نہیں ہے، ہم جنگ کی تباہ کاریوں سے بخوبی آگاہ ہیں، ہم نے ہمیشہ امن کی بات کی ہے، ہم نے ہمیشہ مذاکرات کی بات کی ہے، ہم نے ہمیشہ کہا ہے کہ ہمارے مسائل کا حل بات چیت میں ہے، ہم نے ہمیشہ کہا ہے کہ ہمارے مسائل کا حل جنگ میں نہیں ہے، ہم نے ہمیشہ کہا ہے کہ ہمارے مسائل کا حل امن میں ہے، ہم نے ہمیشہ کہا ہے کہ ہمارے مسائل کا حل مذاکرات میں ہے، ہم نے ہمیشہ کہا ہے کہ ہمارے مسائل کا حل بات چیت